ABC CERTIFIED
آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی: سیدہ ظاہد سلطانہ
چیف ایڈیٹر: طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 27 | 10 ذوالحجہ 1447 بدھ 27 مئی 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 75

چین پاکستان کے ساتھ مل کر گلوبل سکیورٹی انیشی ایٹو پر مکمل عمل درآمد کرے گا

شراکت داری کو مزید وسعت دینے پر اتفاق

دونوں ممالک بین الاقوامی قانون پر مبنی عالمی نظم اور اقوام متحدہ کے منشور کے اصولوں کے مطابق بین الاقوامی تعلقات کے بنیادی اصولوں کے تحفظ پر متفق ہیں

چین خطے میں امن واستحکام کے فروغ کیلئے پاکستان سے انسداد دہشت گردی کے دوطرفہ اور کثیر جہتی تعاون کو جاری رکھے گا اور فوجی سطح پر تعاون کو مزید مضبوط بنائیگا، مشترکہ اعلامیہ

اسلام آباد (ڈیسک رپورٹ) چین اور پاکستان نے ہر سو سکی سٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک بین الاقوامی قانون پر مبنی عالمی نظم اور اقوام متحدہ کے منشور کے اصولوں کے مطابق بین الاقوامی تعلقات کے بنیادی اصولوں کے تحفظ پر متفق ہیں، چین پاکستان کے ساتھ مل کر گلوبل سکیورٹی انیشی ایٹو پر مکمل عمل درآمد کرے گا، چین خطے میں امن واستحکام کے فروغ کیلئے پاکستان سے انسداد دہشت گردی کے دوطرفہ اور باقی

صفحہ 2 بقیہ نمبر 21

صدر اور وزیراعظم کی عیدالاضحیٰ پر امت مسلمہ کو مبارکباد

یہ مقدس سنت ہمیں یہ درس دیتی ہے کہ مفادات قربان کر دینا ہی اصل میں ایمان کی معراج ہے

اسلام آباد (پریس ریلیز) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے عیدالاضحیٰ کے بابرکت اور پرمسرت موقع پر پاکستانی قوم اور امت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

پرنس رحیم آغا خان دوروزہ پاکستان مکمل کر کے واپس چلے گئے

اسلام آباد (پریس ریلیز) پرنس رحیم آغا خان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

بوہرہ برادری نے جوش وجذبے کے ساتھ عیدالاضحیٰ منائی

نماز عید کے اجتماعات منعقد ملک کی سلامتی، امن، خوشحالی اور ترقی کیلئے خصوصی دعائیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شیر قائد میں بوہرہ برادری نے سنگلی کو عیدالاضحیٰ کی مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منائی۔ شیر مہر کی مساجد اور عبادت گاہوں میں نماز

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24



ظلم اور ناشکری کرنیوالی قوموں سے نعمتیں چھین لی گئیں

امام کعبہ

تمام گناہ چھوڑ کر قیامت کے دن کی تیاری کی جائے، قیامت کے دن آنے میں کوئی شک نہیں، آخرت کی بہترین تیاری کا طریقہ اللہ کی عبادت ہے

اللہ فرماتا ہے سب نے میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے، اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے حجاج دنیا کے دور دراز علاقوں سے آئے ہیں، امام شیخ علی عبدالرحمان الحذیفی

مکہ مکرمہ (مانیٹرنگ ڈیسک) مسجد نبوی کے امام شیخ علی عبدالرحمان الحذیفی نے مسجد نمرہ میں خطبہ حج دیتے ہوئے کہا ہے کہ تمام گناہ چھوڑ کر قیامت کے دن کی تیاری کی جائے، قیامت کے دن آنے میں کوئی شک نہیں، آخرت کی بہترین تیاری کا طریقہ اللہ کی عبادت ہے۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو، تقویٰ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

یہ کیسے میڈیا آپریشن جاری ہے کہ ترقیاتی کام بھی کرائیں گے، علی شاہ

وزیراعلیٰ سندھ کا ہڑکی دربار آمد، گدی نشین سائیں سادھو رام کے انتقال پر ان کے ورثا اور ہندو برادری سے افسوس

سائیں سادھو رام ایک نہایت محبت کرنے والے انسان تھے، ان سے کئی ملاقاتیں رہیں، سید مراد علی شاہ کی بات چیت

میرپور ماتھیلو (پریس ریلیز) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ہڑکی دربار پہنچنے پر گدی نشین سائیں سادھو رام کے انتقال پر ان کے ورثا اور ہندو برادری سے افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ سندھ کے ہمراہ صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ، صوبائی وزیر ایکسائز شکار حیات صوبائی مشیر جمالی، گیان چند ایسرانی، ایم پی اے امداد علی چانڈیو اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26



کراچی، علامی مظہم کے باہر قصائی کی گائے کو قربانی کے لئے لائے گئے قربانی کے جانور



وزیر داخلہ کا منی امدح پاکستانی حجاج کرام کے کیمپس کا دورہ

محسن نقوی 100 سالہ بزرگ حاجی سے خصوصی طور پر ملے، ان کی خیریت دریافت کی اور معمر ترین حاجی کی ہمت کو سراہا

ہر حاجی ہمارے لئے بہت خاص ہے، آپ کے مسائل کے حل کیلئے عملہ موجود ہے، محسن نقوی کی عازمین حج سے بات چیت

مکہ مکرمہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے منیٰ میں پاکستانی حجاج کرام کے کیمپس کا دورہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے مختلف کیمپس کا معائنہ کیا اور حجاج کرام کیلئے سہولیات کا مشاہدہ کیا۔ ان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27



ہمیں اختلافات کے باوجود قومی وحدت کو مقدم رکھنا چاہیے

صدر مملکت وزیراعظم

یہ مقدس سنت ہمیں یہ درس دیتی ہے کہ اعلیٰ اور مقدس مقصد کے لیے اپنی جان، خواہشات اور مفادات قربان کر دینا ہی اصل میں ایمان کی معراج اور اہل وفا کا طرہ امتیاز ہے، بیان

یہ عید ہمیں اطاعت الٰہی، صبر، وفا، اخلاص اور ایثار کے اس عظیم جذبے کی یاد دلاتی ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی سیرت مبارک کے سب ہمیں ملتا ہے

1447ھ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ عید الاضحیٰ کے بابرکت موقع پر میں پاکستان کے عوام، بیرون

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28



وفاقی وزیر داد لیمانی امور آئی امور آئی ڈاکٹر طارق فضل چوہدری پرنس آغا خان کو رمضان ایئر پس پر رخصت کر رہے ہیں



کھر وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ بڑی دربار کے سنت کے دیہانت پر سوگواروں سے تعزیت کر رہے ہیں

سانحہ یکا قلعہ مہاجر قوم کی تاریخ کا کربلا ہے، خالد مقبول صدیقی

26 اور 27 مئی 1990ء کی تاریخ ہماری قومی جدوجہد کا وہ خونچکاں باب ہے جسے نہ مٹایا جاسکتا ہے، جیئر مین ایم کیو ایم پاکستان

متحدہ کا گل پلازہ سانحہ کی آکٹوائری رپورٹ منظر عام پر لانے کا مطالبہ، ڈاکٹر فاروق ستار کا سندھ اظہار یشن کمیشن سے رجوع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ کے چیئر مین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے سانحہ یکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کی برسی پر مرکز پہلے آباد سے جاری کردہ اپنے خصوصی بیان میں شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 26 اور 27 مئی 1990ء کی تاریخ ہماری قومی جدوجہد کا وہ خونچکاں باب ہے جسے نہ مٹایا جاسکتا ہے اور نہ ہی فراموش کیا جاسکتا، یہ سانحہ محض ایک حادثہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29

عید الاضحیٰ اصوبہ بھر میں سکیورٹی مزید سخت کا عمل بھی شروع

اسنیپ چیکنگ

آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کی زیر صدارت صوبے بھر میں سکیورٹی انتظامات اور امن وامان کی صورتحال سے متعلق اہم اجلاس

تمام اضلاع میں پولیس پیٹرولنگ، اسنیپ چیکنگ اور ناکہ بندی کے نظام کو مزید فعال بنایا جائے، جاوید عالم اوڈھو کی ہدایت

کراچی (کرائم رپورٹر) آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کی زیر صدارت صوبے بھر میں سکیورٹی انتظامات اور امن وامان کی صورتحال سے متعلق اہم اجلاس ہوا، جس میں پولیس کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جیز کراچی اور دیگر رینج افسران، ڈی آئی جیز سندھ ہائی وے اینڈ پیٹرولنگ، انٹیلی جنس ڈیپارٹمنٹ کراچی، سی آئی اے، آر آر ایف، ڈی آئی

باقی صفحہ 30 بقیہ نمبر 30

SUNTAC
پانی کی ٹنکیاں
واٹر و کیمیکل اسٹوریج ٹینکس
FDA سے منظور شدہ 10 سالہ گارنٹی
مناسب قیمت پر ڈیلرز سے دستیاب ہیں


پاپولر پلاسٹکس (پرائیوٹ) لمیٹڈ
021-36880739 / 021-36880720
ppl.suntac@gmail.com

PAKISTAN JOURNALIST UNITY
PJU
PAKISTAN JOURNALIST UNITY
تمام عالم اسلام کو پاکستان جرنلسٹ یونٹی کی جانب سے
EID AL ADHA
عید الاضحیٰ
بہت بہت مبارک ہو۔

Syed Tahseen Kamal Central Chairman (PJU)

عید الاضحیٰ مبارک
آیئے مل کر اپنے ٹاؤن اور شہر کو صاف رکھنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں
تمام اہل وطن کو
سنت ابراہیمی مبارک ہو
منجانب

عبدالحق بلوچ
وائس چیئرمین صفورا اٹاؤن

راشد خاصخیلی
چیئرمین صفورا اٹاؤن

عید الاضحیٰ مبارک
آیئے مل کر قدم بڑھائیں، اپنے منگھوپیر کو مثالی بنائیں
منگھوپیر ٹاؤن کو صاف ستھرا رکھنے میں ہمارا ساتھ دیں، کیونکہ یہ شہر ہمارا اپنا ہے
کسی بھی معلومات، شکایت یا مدد کی صورت میں ٹاؤن انتظامیہ سے رابطہ کریں

آغا خلیق احمد

رانا محمد عارف

نواز علی بروہی
منجانب: ٹاؤن میونسپل کارپوریشن منگھوپیر



شہری قربانی کے جانوروں کیلئے چارے کی خریداری کر رہے ہیں

عیدالاضحیٰ کا دن ہر چیز قربان کرنے کے جذبے کا عظیم درس ہے

فریال تالپور

عیدالاضحیٰ ہمیں سکھاتی ہے کہ اصل قربانی صرف جانور قربان کرنے کا نام نہیں بلکہ انسانیت، محبت اور اجتماعی بھلائی کو اپنی ذاتی خواہشات پر ترجیح دینا بھی ہے

عید کے پرمسرت موقع پر ہمیں مقبوضہ کشمیر کے مظلوم عوام کو بھی یاد رکھنا چاہیے، جو بھارتی ظلم وجبر کے سائے میں اپنی آزادی کی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کی مرکزی صدر فریال تالپور نے پاکستان کے عوام اور پوری مسلم امہ کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ یہ مقدس دن سب کے لیے امن، رحمت، اتحاد اور خوشحالی کا وسیلہ ثابت ہو۔ اپنے جاری کردہ پیغام میں، فریال تالپور نے کہا کہ عیدالاضحیٰ صرف خوشی کا دن نہیں بلکہ ایمان، قربانی، صبر اور اللہ کی رضا کے لیے ہر چیز قربان کرنے کے جذبے کا عظیم درس ہے، جسے حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل نے ہمیشہ کے لیے روشن مثال بنا دیا۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ ہمیں سکھاتی ہے کہ اصل قربانی صرف جانور قربان کرنے کا نام نہیں بلکہ انسانیت، محبت اور اجتماعی بھلائی کو اپنی ذاتی خواہشات پر ترجیح دینا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج جب بہت سے لوگ مہنگائی، مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا کر رہے ہیں، تو عید ہمیں یہ پیغام

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4



عباسی ہاؤس عیدالاضحیٰ کے موقع پر وہاب عباسی اور زاہد عباسی قربانی کے جانوروں کی آمد پر

سندھ کے اکثر اضلاع میں 31 مئی تک ہیٹ ویو کا خدشہ

ہیٹ ویو کے پیش نظر عوام، بالخصوص بچے، خواتین اور بزرگ احتیاطی تدابیر اختیار کریں

سکھر، لاڑکانہ، دادو اور نوابشاہ میں درجہ حرارت 47 سے 50 ڈگری تک رہنے کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے بیشتر اضلاع میں 31 مئی تک درمیانی سے شدید ہیٹ ویو کا خدشہ ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بالائی فضا میں موجود ہائی پریشر ایریا مزید طاقتور ہونے کا خدشہ ہے۔ سکھر، لاڑکانہ، دادو اور نوابشاہ میں درجہ حرارت 47 سے 50 ڈگری تک جبکہ موہن جو دڑو، شکارپور، جیکب آباد، خیرپور میں درجہ حرارت معمول سے 4 سے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6

ہنگامی طبی سہولیات انسانی جانیں بچانے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں، ماہرین صحت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ہنگامی طبی سہولیات انسانی جانیں بچانے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں، اور ورلڈ ایمرجنسی میڈیسن ڈے آج منایا جا رہا ہے۔ دنیا بھر میں 27 مئی کو ورلڈ ایمرجنسی میڈیسن ڈے منایا جاتا ہے جس کا مقصد ہنگامی طبی سہولیات، ایمرجنسی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

کورنگی میں بڑھتی وارداتیں، کورنگی پولیس کی کارکردگی زیر سوال

متعدد افسوسناک واقعات نے امن وامان کی صورتحال پر سوالات کھڑے کر دیے ہیں

کورنگی کے مختلف علاقوں میں اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے، شہری

کراچی (رپورٹ☆محمد عبیداللہ میرانی) ضلع کورنگی میں مئی کے دوران اسٹریٹ کرائم فائرنگ قتل اور لوٹ مار کے مختلف واقعات نے شہریوں میں شدید خوف وہراس پیدا کر دیا ہے عیدالاضحیٰ کی آمد سے قبل جہاں پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے سیکیورٹی سخت کیے جانے کی توقع کی جا رہی تھی وہیں متعدد افسوسناک واقعات نے امن وامان کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی، غریبوں کا خیال رکھا جائے، کاشف سعید شیخ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی سندھ کاشف سعید شیخ نے کہا ہے کہ قربانی کا اصل مقصد انسان کا اپنی خواہشات، انا اور سب کچھ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قربان کرنے کے جذبے کو بیدار کرنا ہے۔ عیدالاضحیٰ محض جانور ذبح کرنے کا نام نہیں بلکہ یہ حضرت ابراہیم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

عیدالاضحیٰ قربانی اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتی ہے: پاسبان

اس مبارک موقع پر ہمیں نہ صرف عبادات اور سنتِ ابراہیمی کی ادائیگی پر توجہ دینی چاہیے

شہری قربانی کا فریضہ ادا کرنے کے بعد آلائشوں کو ٹھکانے لگانے پر بھی توجہ دیں، الطاف شکور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور، جنرل سیکریٹری اقبال ہاشمی، وائس چیئرمین اعظم منہاس، رفیق خانخیلی، خلیل احمد تھند، کراچی کے صدر عبدالحاکم قائد، چیف آرگنائزر طارق چاندنی والا اور خواتین ونگ کی صدر عزیز فاطمہ نے امت مسلمہ، پاکستانی قوم اور بالخصوص اہل کراچی کو فریضہ حج کی ادائیگی اور عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

ہمیں فلسفہ قربانی کو بھی اپنی زندگیوں پر لاگو کرنا ہوگا، آفاق احمد

جب دین اسلام کی سربلندی اور آنیوالی نسلوں کے ایمان کو محفوظ بنانے مرحلہ سامنے ہو تو جان، جان آفرین کے سپرد کرنا کبھی گھاٹے کا سودا نہیں ہوتا

زمانے کے شیطانوں اور کفر کے ہرکاروں کو شکست دینے کیلئے فلسفہ قربانی کو سمجھنا اور عمل کرنا ہوگا، چیئرمین۔ مہاجر قومی موومنٹ (پاکستان)

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سنت ابراہیمی کی پیروی دراصل ایثار اور قربانی اور رضائے الٰہی کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کا نام ہے، جس کا مظاہرہ موجودہ دور میں کم کم دیکھنے کو مل رہا ہے اسی لئے آج باہمی محبت و یگانگت تو دور کی بات ہم اپنے خون کے رشتوں تک کو فراموش کرتے جا رہے ہیں۔ مہاجر قومی موومنٹ (پاکستان) کے چیئرمین آفاق احمد نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر قوم کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ حضرت ابراہیم کا جذبہ قربانی ناصرف مسلمانوں بلکہ دنیا بھر کے انسانوں کیلئے ایک ایسی منفرد مثال ثابت ہوئی کہ جس کا اعادہ نواسہ رسول حضرت امام حسین نے میدان کربلا میں کیا اور اپنے عمل سے ثابت کر دیا کہ جب دین اسلام کی سربلندی اور آنے والی نسلوں کے ایمان کو محفوظ بنانے مرحلہ سامنے ہو تو جان، جان آفرین کے سپرد کرنا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7



وفاقی حکومت پر کراچی کا پانی بند کرنے کا الزام حقائق کے برعکس ہے

راجا انصاری

کراچی کے عوام مسائل کا حل چاہتے ہیں، الزام تراشی اور سیاسی پوائنٹ اسکورنگ نہیں، ایسے بیانات عوامی مسائل کے حل کے بجائے سیاسی انتشار کو بڑھاتے ہیں

کراچی میں پانی کی قلت کوئی نیا مسئلہ نہیں بلکہ یہ کئی دہائیوں سے جاری ایک انتظامی، تکنیکی اور انفرااسٹرکچر کا بحران ہے، ترجمان حکومت پاکستان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ترجمان حکومت پاکستان، وزارت اطلاعات ونشریات برائے سندھ راجا انصاری نے میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کے اس بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی حکومت پر کراچی کا پانی بند کرنے کا الزام حقائق کے برعکس اور عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں پانی کی قلت کوئی نیا مسئلہ نہیں بلکہ یہ کئی دہائیوں سے جاری ایک انتظامی، تکنیکی اور انفرااسٹرکچر کا بحران ہے، جس کی بنیادی ذمہ داری متعلقہ صوبائی ومقامی اداروں پر عائد ہوتی ہے۔ وفاقی حکومت نہ صرف کراچی کے مسائل سے آگاہ ہے بلکہ ان کے حل کے لیے مسلسل تعاون بھی کر رہی ہے۔ راجا انصاری نے کہا کہ اگر میئر کراچی واقعی شہریوں کے مسائل کے حل میں سنجیدہ ہیں تو انہیں سیاسی بیانات کے بجائے کراچی واٹر اینڈ سیوریج

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

ڈاکٹر لالچند اکرانی کا نثار کھوڑو کے ہمراہ رہڑکی صاحب دربار پر حاضری

گل محمد خان جکھرانی، میر بابر علی خان لنڈ، میر فیاض احمد خان لنڈ، کامریڈ کورام اور معززین بھی موجود تھے

سروپ سائیں ساد ہرام صاحب کے پرلوک پدھارنے پر سائیں راجہ وکرم لعل صاحب ودیگر سے اظہار افسوس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی مناریٹی ونگ سندھ کے صدر ڈاکٹر لالچند اکرانی نے پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار احمد کھوڑو کے ہمراہ ڈھرکی میں رہڑکی صاحب دربار پہنچ کر حاضری دی اور سروپ سائیں ساد ہرام صاحب کے پرلوک پدھارنے پر سائیں راجہ وکرم لعل صاحب، سائیں روہیت لعل صاحب، سائیں روپ رام صاحب سے دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اس موقع پر صوبائی وزیر ایکسائز مکیش کمار چاولہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر میر گل محمد خان جکھرانی، میر بابر علی خان لنڈ، میر فیاض احمد خان لنڈ، کامریڈ کورام اور معززین بھی موجود تھے۔

سندھ حکومت کا سالانہ بجٹ 3500 ارب لیکن کارکردگی صفر ہے

سیف الدین ایڈووکیٹ

کراچی کی ترقی میں اس وقت سب سے بڑی رکاوٹ پی پی حکومت اور قابض میئر ہیں، جناح ٹاؤن میں سڑکوں کا افتتاح وخطاب

سندھ حکومت و میئر رکاوٹیں نہ ڈالیں تو ایک ایک مسئلہ حل کر دیں، ایم کیو ایم نے کوارٹرز کے لوگوں کا کوئی مسئلہ حل نہیں کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قائم مقام امیر جماعت اسلامی کراچی و اپوزیشن لیڈر کے ایم سی سیف الدین ایڈووکیٹ نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

کراچی؛ عید سے قبل اشیا خورونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں

لیموں 500 روپے کلو، ادرک لہسن 550 سے 600 روپے کلو فروخت ہونے لگا

ٹرانسپورٹ اور سبزیوں کی ترسیل کی لاگت میں نمایاں اضافہ کا سامنا ہے، سبزی فروش

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عید قرباں پر ہرے مصالحہ جات کی قیمت بڑھ گئی جبکہ ٹماٹر، ادرک، لہسن اور لیموں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں۔ شہر میں گزشتہ ہفتے تک 60 روپے کلو فروخت ہونے والے ٹماٹر کی قیمت 120 روپے سے تجاوز کر گئی، لیموں 500 روپے کلو، ادرک لہسن 550 سے 600 روپے کلو فروخت ہونے لگا، سبز مرچ 60 سے بڑھ کر 100 روپے پاؤ فروخت ہو رہی ہے۔ دھنیے پودینے کی گڈی کی قیمت بھی عام دنوں سے ڈگنی وصول کی جا رہی ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10



پیپلز پارٹی مناریٹی ونگ سندھ کے صدر ڈاکٹر لالچند اکرانی نے پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار احمد کھوڑو کے ہمراہ ڈھرکی میں رہڑکی صاحب دربار پہنچ کر حاضری دے رہے ہیں

عیدالاضحیٰ میں جانور کی قربانی کا کوئی نعم البدل نہیں، شاہ عبدالحق

قربانی حضرت ابراہیمؑ کی عظیم سنت، رب کی اطاعت اور وفاداری کا اظہار ہے

قربانی میں ریاکاری ودکھاوا نیکیوں کو ضائع کرنے کا سبب ہے، امیر جماعت اہلسنت پاکستان کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اہلسنت پاکستان کراچی کے امیر علامہ شاہ عبدالحق قادری نے کہا کہ عیدالاضحیٰ میں رضائے الٰہی کیلئے جانور کی قربانی ہر صاحب حیثیت شخص کیلئے ضروری ہے قربانی کا کوئی نعم البدل نہیں۔ رضائے الٰہی کیلئے جانور کی قربانی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عظیم سنت اور اللہ کی اطاعت اور وفاداری کا اظہار ہے۔ قربانی میں ریاکاری ودکھاوا نیکیوں کو ضائع کرنے کا سبب ہے۔ قربانی کے گوشت میں یتامیٰ و مساکین اور غرباء کا حصہ ضروری ہے۔ انہوں نے میمن مسجد میں بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قربانی صرف اللہ کیلئے ہے عیدالاضحیٰ کے دن جانور کا خون بہانا رب کی بارگاہ میں مقبول عمل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عیدالاضحیٰ میں قربانی اس عہد کی تجدید واعتراف ہے کہ ہمارا جینا مرنا اللہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12



میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب برہانی مسجد کے دورے کے دوران بوہرا کمیونٹی کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد دے رہے ہیں

حج مسلمانوں کو محبت، برداشت، انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے

ایڈووکیٹ انور عظیم خان

حج صرف ایک مذہبی فریضہ نہیں بلکہ امتِ مسلمہ کے اتحاد، نظم وضبط، صبر، ایثار اور بھائی چارے کا عظیم مظہر ہے، صدر مسلم لیگ فنکشنل کراچی

اپنی دعاؤں میں وطنِ عزیز پاکستان کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور قومی اتحاد کے لیے خصوصی کریں، پاکستانی حجاج کرام سے خصوصی اپیل



کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (فنکشنل) کراچی کے صدر ایڈووکیٹ انور عظیم خان نے حج کی عظیم سعادت حاصل کرنے والے مسلمانانِ عالم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عازمین حج یقیناً خوش نصیب ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے مقدس گھر اور روضِ رسول ﷺ کی حاضری کا شرف عطا فرمایا۔ انہوں نے کہا کہ حج صرف ایک مذہبی فریضہ نہیں بلکہ امتِ مسلمہ کے اتحاد، نظم وضبط، صبر، ایثار اور بھائی چارے کا عظیم مظہر ہے۔ ہر سال دنیا بھر سے لاکھوں مسلمان، مختلف زبانوں، نسلوں اور ثقافتوں سے تعلق رکھنے کے باوجود ایک ہی مرکز پر جمع ہو کر اسلامی اخوت، مساوات اور وحدت کا عملی ثبوت پیش

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13



گرمی میں بچے سمندر میں نہا رہے ہیں

یوم عرفہ رحمت، مغفرت اور قرب الٰہی حاصل کرنے کا عظیم دن ہے

ثروت اعجاز قادری

حج اور قربانی اللہ تعالیٰ کی رضا اور حضرت ابراہیم کی عظیم سنت کی یادگار ہیں، پاکستان سنی تحریک کی جانب سے عالم اسلام کو یوم عرفہ اور سنت ابراہیمی کی مبارکباد

یوم عرفہ کا روزہ دو سال کے گناہوں کا کفارہ بنتا ہے، بلال عباس قادری، اللہ تعالیٰ یوم عرفہ کے دن اپنے بندوں پر خصوصی رحمت فرماتا ہے، بلال سلیم قادری شامی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کی جانب سے تمام عالم اسلام کو یوم عرفہ اور سنت ابراہیمی کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے چیئرمین انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری، مرکزی صدر صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری اور مرکزی سیکریٹری جنرل صاحبزادہ علامہ بلال سلیم قادری شامی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ یوم عرفہ اور سنت ابراہیمی امت مسلمہ کے لیے عظیم روحانی پیغام اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ ان مقدس ایام میں مسلمان اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی، انکساری اور قربانی کے جذبے کے ساتھ عبادات ادا کرتے ہیں، جو اسلام کی اصل روح ہے۔ چیئرمین پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے کہا کہ حج اور سنت ابراہیمی دونوں ہی اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے عظیم ذرائع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

ایبولا کے خطرات، جناح ایئرپورٹ پر ہنگامی اقدامات سخت کرنے کا فیصلہ

ایئرپورٹس مہلک متعدی بیماریوں کی منتقلی کے حساس مقامات ہیں، حکام کی اجلاس میں بریفنگ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں ایبولا وائرس کے عالمی خطرات کے پیش نظر شہریوں اور مسافروں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ہنگامی بنیادوں پر نگرانی اور حفاظتی اقدامات مزید سخت کر دیے گئے ہیں۔ اجلاس میں متعلقہ اداروں نے شرکت کی اور ایئرپورٹ پر فوری ردعمل اور تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جبکہ آئسولیشن وارڈ کو مزید مؤثر بنانے اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے حکمت عملی طے کی گئی۔ مزید اقدامات کے تحت 24 گھنٹے ایمبولینس سروس کی دستیابی یقینی بنانے، ہنگامی سامان کے لیے علیحدہ اسٹور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

کراچی عوام دوست مویشی منڈی 99 فیصد خالی

ڈھائی لاکھ سے زائد جانور فروخت

منڈی کے بیشتر بلاکس مکمل طور پر خالی، مویشی منڈی کم، فیملی فیسٹیول زیادہ لگی، شہریوں نے خریداری کے ساتھ فوڈ اسٹریٹ اور تفریح کے خوب لطف اٹھایا

منڈی میں قائم فوڈ اسٹریٹ، بچوں کے لیے پلے ایریا، فیملی انٹرٹینمنٹ اور خصوصی سیکیورٹی ولائٹنگ کے انتظامات نے شہریوں کے دل جیت لیے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ناردرن بائی پاس پر قائم 1100 ایکڑ پر محیط وسیع وعریض عوام دوست مویشی منڈی اپنے شاندار اور کامیاب انعقاد کے بعد باقاعدہ اختتام پذیر ہوگئی ہے، جہاں عیدالاضحیٰ کے موقع پر لاکھوں شہریوں نے نہ صرف قربانی کے جانوروں کی خریداری کی بلکہ مختلف تفریحی سرگرمیوں سے بھی بھرپور لطف اٹھایا، مویشی منڈی انتظامیہ کے مطابق امسال منڈی میں ملک بھر سے 2 لاکھ 50 ہزار سے زائد چھوٹے بڑے جانور لائے گئے تھے، جن میں سے ریکارڈ 99 فیصد جانور فروخت ہو چکے ہیں اور منڈی کے بیشتر بلاکس مکمل طور پر خالی ہو گئے ہیں، خرید و فروخت کے ساتھ فیملی انٹرٹینمنٹ کا مرکز بن گیا۔ تفصیلات کے مطابق 5 اپریل سے شروع ہونے والی یہ مویشی منڈی اس بار محض روایتی منڈی نہیں بلکہ ایک میگا فیملی فیسٹیول کا منظر پیش کرتی رہی۔ منڈی میں قائم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 162

گورنر سندھ سے منیٰ روانگی سے قبل خالد مقبول صدیقی سمیت دیگر کی ملاقاتیں

پاکستان کی سلامتی، خوشحالی، استحکام اور امتِ مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعائیں کیں

کرا/منیٰ (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے منیٰ روانگی سے قبل وفاقی وزیر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، وزیراعظم کے معاون خصوصی فہد ہارون اور دیگر معزز شخصیات نے ملاقات کی۔ گورنر سندھ نے فریضہ حج کی ادائیگی کے موقع پر پاکستان کی سلامتی، خوشحالی، استحکام اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعائیں کیں۔ گورنر سندھ نے کہا کہ حج مسلمانوں کے درمیان اخوت، اتحاد اور ایثار کا عظیم درس دیتا ہے۔

الخدمت کے تحت ہزاروں فی سبیل اللہ قربانی آج سے کی جائیگی

شہریوں کو بڑے پیمانے پر اجتماعی قربانی کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے: نوید علی بیگ

گوشت کی تقسیم اور قربانی کی کھالیں جمع کرنے کا فریضہ انجام دیں گے: چیف ایگزیکٹو الخدمت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) الخدمت کے تحت عید الاضحیٰ کے تینوں دن ہزاروں فی سبیل اللہ قربانی کی جائیں گی، فی سبیل اللہ قربانی کے تمام انتظامات مکمل کر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

سری لنکا کے قونصل جنرل ایچ ای سنجیوا پٹی والا کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام

سری لنکا کے قونصل جنرل نے Le-Mendoza Pharmaceuticals Pvt. کا بھی دورہ کیا

ان کو کمپنی کی مصنوعات، آپریشنز اور کوالٹی فوکسڈ اپروچ کے بارے میں بریفنگ دی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیف آپریٹنگ آفیسر میڈی کیم گروپ آف کمپنیز خرم خلیل نینی تال والا کی جانب سے سری لنکا کے قونصل جنرل ایچ ای سنجیوا پٹی والا کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔ سری لنکا کے قونصل جنرل سنجیوا پٹیویلانے اپنے دورے کے دوران Le-Mendoza Pharmaceuticals Pvt. کا بھی دورہ کیا۔ لی مینڈوزا، میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کا ایک فارماسیوٹیکل ذیلی ادارہ ہے، جہاں ان کو کمپنی کی مصنوعات، آپریشنز اور کوالٹی فوکسڈ اپروچ کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ ایک پراڈکٹ پریزنٹیشن بھی منعقد کی گئی جس کے دوران کمپنی کے فارماسیوٹیکل پورٹ فولیو کو متعارف کرایا گیا۔ اس کے علاوہ The Looks Pvt Ltd کے تحت دو آنے والی نئی پروڈکٹ میں ٹیلکم اور پرفیوم رینج بھی انہیں پیش کی گئی۔ ایچ ای سنجیوا پٹی والا نے اس دورے کو سراہا اور میڈی کیم گروپ کے فارماسیوٹیکل آپریشنز، پروڈکٹ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18



چیف آپریٹنگ آفیسر میڈی کیم گروپ آف کمپنیز خلیل نینی تال والا کی جانب سے قونصل جنرل سری لنکا سنجیوا پٹیویلا والا کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانہ میں شکیل تھرڈ سیکریٹری قونصلیٹ جنرل عمان ودیگر کا گروپ فوٹو

کے ایم سی ملازمین اور پینشنرز کے حق میں عید کے بعد دستخطی مہم شروع کرنے کا اعلان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کے ایم سی ملازمین و پینشنرز کو جولائی 2025 سے اضافہ شدہ تنخواہ اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

پیر گل حسن ٹاؤن کے رہائشی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، محمد اشرف میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان راہ حق پارٹی کے مرکزی ترجمان، سیکرٹری اطلاعات ونشریات اور GG33 رئیل اسٹیٹ ڈیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد اشرف میمن نے کہا ہے کہ اسکیم 33 کے علاقے پیر گل حسن ٹاؤن کے رہائشی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں اور بلڈرز کی جانب سے پانی، بجلی اور گیس کی فراہمی میں مسلسل غفلت برتی جا رہی ہے، جس کے باعث علاقہ مکین شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ پیر کے روز پیر گل حسن ٹان میں رہائشیوں کے احتجاجی مظاہرے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

کراچی، بوہرہ برادری نے جوش وجذبے کے ساتھ عیدالاضحیٰ منائی

نماز عید کے اجتماعات منعقد ہوئے جہاں ملک کی سلامتی، امن، خوشحالی اور ترقی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں

بوہرہ برادری کی جانب سے نماز عید کے بعد سنت ابراہیمی کی پیروی کرتے ہوئے قربانی کا سلسلہ شروع ہوگیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں بوہرہ برادری نے منگل کو عیدالاضحیٰ مذہبی جوش وجذبے کے ساتھ منائی۔ شہر بھر کی مساجد اور عبادت گاہوں میں نماز عید کے اجتماعات منعقد ہوئے جہاں ملک کی سلامتی، امن، خوشحالی اور ترقی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ کراچی میں بوہرہ برادری کا مرکزی اجتماع صدر میں واقع طاہری مسجد میں ہوا جہاں بڑی تعداد میں


باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

سرکاری ڈیوٹیز اور ٹیکسز کی وصولی کیلئے بینکوں کے اوقات کار میں توسیع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے کہا ہے کہ سرکاری ڈیوٹیز اور ٹیکسز کی وصولی کیلئے بینکوں کے اوقات کار میں توسیع کر دی گئی۔ مرکزی بینک کے مطابق کمرشل بینکوں کی تمام شاخیں 29 مئی کو شام 5:30 بجے تک کھلی رہیں گی،

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
فوری رابطہ:
0333-3424317
0300-7002722
0320-3055279
For Ads : 0331-2407401





بقیہ نمبر 01 اطلاعات

صورتحال پر سوالات کھڑے کر دیے ہیں شہریوں سماجی حلقوں اور تاجروں کا کہنا ہے کہ کورنگی کے مختلف علاقوں میں اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے جبکہ رات کے اوقات میں شہری خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں علاقہ مکینوں کے مطابق پولیس کی جانب سے گشت اور جرائم کی روک تھام کے دعوے تو کیے جاتے ہیں تاہم زمینی صورتحال میں خاطر خواہ بہتری نظر نہیں آ رہی جبکہ ایس ایس پی فدا حسین جانوری باقاعدگی سے کرائم میٹنگز منعقد کر رہے ہیں جن میں جرائم پر قابو پانے اور پٹرولنگ مزید مؤثر بنانے کے احکامات جاری کیے جاتے ہیں مگر شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ ان اقدامات کے عملی نتائج عوام تک پہنچتے دکھائی نہیں دے رہے۔ عوامی حلقے مطالبہ کر رہے ہیں کہ محض کاغذی کارروائی کے بجائے عملی اور مؤثر حکمت عملی اپنائی جائے تاکہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے کورنگی 100 کوارٹر میں مبینہ طور پر موبائل فون چھیننے کے دوران مزاحمت پر عبدالرزاق عرف بدر نامی نوجوان کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا اہل خانہ کے مطابق مقتول ایک بچے کا باپ اور پانچ بھائیوں میں سب سے چھوٹا تھا۔ اس واقعے کے بعد علاقے میں سوگ کی فضا قائم ہو گئی اسی دوران 18 سالہ ماجد علی کو گودام چورنگی کے قریب فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا پولیس کے مطابق واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں جبکہ بعض ذرائع اس واقعے کو ذاتی تنازع سے جوڑ رہے ہیں ملیر کورٹ سے بیان ریکارڈ کروانے کے بعد واپس جانے والے نادیہ اور نظیر اللہ نامی جوڑے کو سعود آباد کے قریب فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا ابتدائی اطلاعات کے مطابق واقعہ مبینہ طور پر غیرت کے نام پر قتل کا نتیجہ ہو سکتا ہے تاہم پولیس نے مختلف پہلوؤں پر تفتیش شروع کر دی ہے شاہ فیصل سے کورنگی آنے والے پل پر شہریوں اور مویشی منڈی جانے والے بیوپاریوں سے لوٹ مار کی شکایات بھی سامنے آئیں۔

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی عظیم قربانی، اطاعت اور تسلیم و رضا کی یاد تازہ کرتی ہے، جو ہر مسلمان کو اللہ کے حکم کے سامنے سرِ تسلیم خم کرنے کا درس دیتی ہے۔ عید قرباں کے موقع پر اپنے ایک خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا کہ سنتِ ابراہیمی ہمیں ایثار، محبت، بھائی چارے اور انسانیت کی خدمت کا پیغام دیتی ہے۔ اس دن ہمیں کسی نمود و نمائش کی بجائے رب کی رضا کے حصول کے لیے سنت ابراہیمی کو زندہ رکھتے ہوئے اپنی انا، غرور، نفرت اور خود غرضی کو بھی قربان کرنے کا عزم کرنا چاہیے تاکہ معاشرے میں محبت، اخوت اور رواداری کو فروغ مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ قربانی کے موقع پر پڑوسیوں کا خیال، صفائی ستھرائی کا خصوصی اہتمام کیا جائے کیونکہ اسلام نے صفائی کو نصف ایمان قرار دیا ہے۔ آلائشوں کو بروقت ٹھکانے لگانا، ماحول کو آلودگی سے بچانا اور شہری نظم و نسق کا خیال رکھنا ہر شہری کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے بلدیاتی اداروں اور عوام سے اپیل کی کہ وہ باہمی تعاون سے صفائی کے نظام کو بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ قربانی کا گوشت رشتہ داروں، پڑوسیوں، مساکین اور غریب و مستحق افراد میں تقسیم کیا جائے تاکہ عید کی خوشیوں میں معاشرے کے محروم طبقات کو بھی شریک کیا جا سکے۔ اسلام ہمیں اجتماعی خوشی، ہمدردی اور مساوات کا درس دیتا ہے، اور عیدالاضحیٰ انہی اسلامی اقدار کو عملی شکل دینے کا بہترین موقع ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ عید کے ایام میں سادگی، احتیاط اور اسلامی تعلیمات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی خوشیوں کو منائیں اور ملک کی سلامتی، استحکام اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعائیں کریں۔

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

کرتے ہوئے کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ ہمیں قربانی، ایثار، بھائی چارے اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتی ہے۔ اس مبارک موقع پر ہمیں نہ صرف عبادات اور سنت ابراہیمی کی ادائیگی پر توجہ دینی چاہیے بلکہ اپنے ماحول، محلوں اور شہروں کی صفائی کو بھی یقینی بنانا چاہیے۔ پاسبان رہنماؤں نے کہا کہ شہری قربانی کا فریضہ ادا کرنے کے بعد آلائشوں کو ٹھکانے لگانے پر بھی توجہ دیں۔ شدید گرمی کے موسم میں قربانی کے جانوروں کی آلائشیں اگر بروقت نہ اٹھائی جائیں تو وہ سڑ کر تعفن، آلودگی اور مختلف وبائی بیماریوں کا سبب بن سکتی ہیں۔ گندگی اور بدبو کے باعث شہریوں خصوصاً بچوں، بزرگوں اور مریضوں کی صحت کو شدید خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ قربانی کے بعد آلائشیں کھلے مقامات، گلیوں، نالوں اور سڑکوں پر پھینکنے کے بجائے مقررہ مقامات یا انتظامیہ کی فراہم کردہ تھیلیوں میں رکھیں تاکہ صفائی کا عمل مؤثر انداز میں مکمل ہو سکے۔ دریں اثنا متعلقہ بلدیاتی اداروں اور صفائی کے عملے سے بھی مطالبہ کیا کہ عید کے تینوں دن فوری اور مؤثر صفائی کے انتظامات یقینی بنائے جائیں تاکہ شہری ماحول کو صاف ستھرا اور بیماریوں سے محفوظ رکھا جا سکے۔

بقیہ نمبر 04 اطلاعات

دیتی ہے کہ ہم صرف اپنے گھروں کے دروازے ہی نہیں بلکہ اپنے دل بھی کھولیں، غریبوں اور ضرورت مندوں کی مدد کریں اور مایوس لوگوں کے چہروں پر خوشیاں لائیں۔ عید کی اصل خوبصورتی دوسروں کے چہروں پر مسکراہٹ لانے اور محبت بانٹنے میں ہے۔ فریال تالپور نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی، قائدِ عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کے عوام دوست نظریے اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی عظیم قربانیوں سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے، ہمیشہ سماجی انصاف، مساوات، ہمدردی اور عوام کے وقار کے لیے جدوجہد کرتی رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صدرِ پاکستان آصف علی زرداری اپنی دانشمندانہ اور جمہوری قیادت کے ذریعے، جبکہ چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری اپنی متحرک اور ترقی پسند قیادت کے ذریعے، ایک پرامن، جمہوری اور عوام دوست پاکستان کے قیام کے لیے کوشاں ہیں جہاں عوامی فلاح کو اولین ترجیح حاصل ہو۔ فریال تالپور نے کہا کہ عید کے پرمسرت موقع پر ہمیں مقبوضہ کشمیر کے مظلوم عوام کو بھی یاد رکھنا چاہیے، جو بھارتی ظلم و جبر کے سائے میں اپنی آزادی، امن اور بنیادی انسانی حقوق کی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے قوم پر زور دیا کہ عیدالاضحیٰ سادگی، عاجزی اور بھائی چارے کے جذبے کے ساتھ منائی جائے، خصوصاً ان لوگوں کو یاد رکھا جائے جو خاموشی سے مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ یہ مقدس دن ہر دل میں امید، ہر گھر میں خوشی اور پاکستان میں دیرپا امن، استحکام اور محبت لے کر آئے۔

بقیہ نمبر 05 اطلاعات

وارڈز میں خدمات انجام دینے والے ڈاکٹروں، نرسوں، پیرامیڈیکل اسٹاف اور ریسکیو اداروں کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور عوام میں بروقت طبی امداد کی آگاہی پیدا کرنا ہے۔ اس دن کے موقع پر مختلف ممالک میں سیمینارز، واکس، آگاہی پروگرامز اور طبی کانفرنسوں کا انعقاد کیا جاتا ہے تاکہ حادثات، دل کے دورے، فالج، سانس کی تکلیف، ٹریفک حادثات اور دیگر اچانک پیش آنے والی طبی صورتحال میں فوری علاج کی اہمیت کو اجاگر کیا جا سکے۔ ماہرین طب کے مطابق ایمرجنسی میڈیسن جدید طبی نظام کا ایک انتہائی اہم شعبہ بن چکا ہے کیونکہ کسی بھی مریض کی جان بچانے میں ابتدائی چند منٹ انتہائی قیمتی ہوتے ہیں۔ دنیا بھر میں ہر سال لاکھوں افراد بروقت طبی امداد نہ ملنے کے باعث اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں جبکہ فوری اور معیاری ایمرجنسی سہولیات کئی قیمتی جانوں کو بچانے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔ طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ کسی بھی ملک کے صحت کے نظام کی بہتری کا اندازہ اس کی ایمرجنسی طبی سہولیات سے لگایا جاتا ہے۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق سڑکوں پر پیش آنے والے حادثات، قدرتی آفات، آگ لگنے کے واقعات، دل کے امراض اور دیگر ہنگامی صورتحال میں فوری طبی امداد کی فراہمی اموات کی شرح میں نمایاں کمی لا سکتی ہے۔ ماہرین کے مطابق ترقی پذیر ممالک میں جدید ایمرجنسی سینٹرز، تربیت یافتہ عملے اور ایمبولینس سروسز کی کمی ایک بڑا مسئلہ ہے جس کے باعث قیمتی انسانی جانوں کا نقصان ہوتا ہے۔ پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں اس دن کے موقع پر عوام کو یہ پیغام دیا جاتا ہے کہ کسی بھی حادثے یا طبی ہنگامی صورتحال میں گھبرانے کے بجائے فوری طور پر ریسکیو اداروں سے رابطہ کیا جائے، ابتدائی طبی امداد کے اصول سیکھے جائیں اور زخمی یا مریض کو جلد از جلد قریبی اسپتال منتقل کیا جائے۔ طبی ماہرین نے حکومتوں پر زور دیا ہے کہ دیہی اور شہری علاقوں میں جدید ایمرجنسی مراکز قائم کیے جائیں، ایمبولینس نیٹ ورک کو بہتر بنایا جائے اور عوام میں فرسٹ ایڈ کی تربیت کو فروغ دیا جائے تاکہ انسانی جانوں کو محفوظ بنایا جا سکے۔ ورلڈ ایمرجنسی میڈیسن ڈے کے موقع پر ماہرین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہنگامی طبی سہولیات کو مزید مؤثر، جدید اور عام آدمی کی پہنچ میں لانے کے لیے مربوط اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں کیونکہ بروقت طبی امداد ہی کسی بھی انسان کی زندگی بچانے کا سب سے مؤثر ذریعہ ثابت ہو سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 06 اطلاعات

6 ڈگری سینٹی گریڈ زائد رہنے کا امکان ہے۔ تھرپارکر، بدین، حیدرآباد، میرپورخاص اور جامشورو میں پارہ 44 سے 47 ڈگری سینٹی گریڈ تک بڑھنے کا خدشہ ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ ہیٹ ویو کے پیش نظر عوام، بالخصوص بچے، خواتین اور بزرگ احتیاطی تدابیر اختیار کریں جبکہ کاشتکار موسمی حالات کے مطابق فصلوں کی دیکھ بھال اور مویشیوں کا خاص خیال رکھیں۔ شہر قائد میں آئندہ 3 روز میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35 سے 37 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کا یہ بھی کہنا ہے کہ آئندہ 3 روز کے دوران کراچی میں سمندری ہوائیں چلتی رہیں گی۔

بقیہ نمبر 07 اطلاعات

بھی گھاٹے کا سودا نہیں ہوتا۔ آفاق احمد نے کہا کہ آج جن حالات سے پاکستانی عوام بالخصوص کراچی کے باشندے گزر رہے ہیں ان سے نکلنے کیلئے ہمیں جانوروں کی قربانی کے ساتھ ساتھ فلسفہ قربانی کو بھی اپنی زندگیوں پر لاگو کرنا ہوگا تب جا کر زمانے کے شیطانوں اور کفر کے ہرکاروں کو شکست فاش دی جا سکے گی۔ آفاق احمد نے کہا کہ اللہ کی بارگاہ میں جانور کا خون پہنچتا ہے نہ گوشت البتہ نادار اور مساکین پر اس کا حق ضرور ہے، عوام قربانی کے گوشت کو ناداروں اور مساکین میں تقسیم کر کے انہیں بھی عید کی خوشیوں میں شریک کریں۔ مہاجر کارکنان کے نام اپنے پیغام میں آفاق احمد نے کہا کہ سنت ابراہیمی ادا کرنیوالے کارکنان مہاجر شہدا کو ہرگز فراموش نہ کریں، شہدا کے اہل خانہ تک قربانی کا گوشت ترجیحی بنیادوں پر پہنچا کر انہیں بھی عید کی خوشیوں میں شریک کیا جائے۔

بقیہ نمبر 08 اطلاعات

سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمد اشرف میمن نے کہا کہ شہریوں نے اپنی جمع پونجی خرچ کر کے گھروں کی خریداری کی، مگر تاحال انہیں بنیادی سہولیات فراہم نہیں کی گئیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ ادارے اور بلڈرز فوری طور پر پانی، بجلی اور گیس کی فراہمی یقینی بنائیں، بصورت دیگر احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ رہائشیوں کے مسائل حل نہ ہونا انتظامیہ اور متعلقہ بلڈرز کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ شہری کئی برسوں سے در بدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں، لیکن کسی نے ان کی دادرسی نہیں کی۔ اس موقع پر GG33 رئیل اسٹیٹ ڈیلرز ایسوسی ایشن کے صدر ایم رحمان، پاکستان راہ حق پارٹی ضلع ایسٹ کے سینئر نائب صدر علی المرتضیٰ، پیر گل حسن ایکشن کمیٹی کے کریم داد بلوچ، ثاقب شاہ اور دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ حکومت سندھ اور متعلقہ ادارے فوری نوٹس لے کر علاقہ مکینوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں تاکہ شہریوں کی مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔

بقیہ نمبر 09 اطلاعات

کارپوریشن کی کارکردگی، پانی کی چوری، لائن لاسز اور ناقص تقسیم کے نظام پر توجہ دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ K-IV منصوبہ وفاقی حکومت کی خصوصی ترجیحات میں شامل ہے اور اس منصوبے کی تکمیل سے کراچی کے عوام کو اضافی پانی فراہم کیا جائے گا۔ وفاقی حکومت نے ہمیشہ کراچی کے ترقیاتی منصوبوں میں اپنا مثبت اور ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے۔ ترجمان وفاقی حکومت برائے سندھ نے مزید کہا کہ کراچی کے عوام مسائل کا حل چاہتے ہیں، الزام تراشی اور سیاسی پوائنٹ اسکورنگ نہیں۔ ایسے بیانات عوامی مسائل کے حل کے بجائے سیاسی انتشار کو بڑھاتے ہیں۔ وفاقی حکومت کراچی کے عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور شہر کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے۔

بقیہ نمبر 10 اطلاعات

ہے، گوشت گلانے کے لیے کچا پپیتا 150 سے 200 روپے کلو فروخت کیا جا رہا ہے۔ سلاد کے استعمال کی اشیا کھیرا، ککڑی سلاد کے پتے بھی نایاب سبزیوں میں شمار ہونے لگے۔ کھیرا 150 روپے کلو، ککڑی 200 روپے کلو جبکہ سلاد پتہ 100 روپے پاؤ تک فروخت کیا جا رہا ہے۔ سبزی فروشوں کا کہنا ہے کہ ٹرانسپورٹ اور سبزیوں کی ترسیل کی لاگت میں نمایاں اضافہ کا سامنا ہے جبکہ طلب و رسد کا توازن بگڑنے کی وجہ سے سبزی منڈی کی سطح پر بھی ہرے مصالحہ جات مہنگے فروخت ہو رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 11 اطلاعات

کا سالانہ بجٹ 3500 ارب روپے ہے لیکن اسکی کارکردگی صفر اور نااہلی و کرپشن عروج پر ہے، جبکہ دوسری طرف جماعت اسلامی کا ایک ٹاؤن جس کا بجٹ بمشکل ایک ارب روپے ہے، اسی میں وہ تنخواہیں بھی ادا کرتا ہے اور ترقیاتی کام بھی کرائے جاتے ہیں، سندھ حکومت اور میئر رکاوٹیں نہ ڈالیں تو ایک ایک مسئلہ حل کر دیں، کراچی کی ترقی میں اس وقت سب سے بڑی رکاوٹ پیپلز پارٹی کی حکومت اور قابض میئر ہیں، سرکاری کوارٹرز کے لوگوں کو ایم کیو ایم نے ہمیشہ جھوٹے وعدوں سے بے وقوف بنایا، ہر حکومت میں شامل ہونے کے باوجود ایم کیو ایم نے کوئی مسئلہ حل نہیں کیا۔ پیپلز پارٹی نے اپنے 18 سالہ دور میں کراچی کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے، اس وقت شہر کا انفراسٹرکچر تباہ حال ہے، سڑکیں ٹوٹی پھوٹی ہیں، جگہ جگہ سیوریج کا پانی بہہ رہا ہے، نصف سے زائد آبادی پینے کے پانی سے محروم ہے، کراچی سندھ کے بجٹ کا 95 فیصد ادا کرتا ہے، لیکن اہل کراچی پھر بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جناح ٹاؤن یوسی 1 پاکستان کوارٹرز میں مسجد الفردوس تا الماری والی گلی اور منگل داس کمپاؤنڈ بلاک E میں سڑکوں کی ازسرنو تعمیر کے افتتاح کے بعد منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ افتتاحی تقریب میں ٹاؤن چیئرمین رضوان عبدالسمیع، سابق رکن قومی اسمبلی محمد حسین محنتی، اراکین کونسل راؤ محسن، ٹاؤن کونسلر اسمعیل بلوچ، چیئرمین یوسی 5 کلیم الحق عثمانی، جماعت اسلامی کے علاقائی عہدیداران، معززین علاقہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء نے ترقیاتی کاموں کو علاقہ مکینوں کے لئے خوش آئند قرار دیتے ہوئے بلدیاتی نمائندوں کی کاوشوں کو سراہا۔ سیف الدین ایڈوکیٹ نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی شہر کو بحال کرنا اور اس کی رونقیں دوبارہ لوٹانا چاہتی ہے، جماعت اسلامی کے عبدالستار افغانی اور نعمت اللہ خان کے ادوار میں کراچی میں بے مثال ترقیاتی کام ہوئے، نوجوان حق دو کراچی تحریک میں جماعت اسلامی کا دست و بازو بنیں اور کراچی کے مسائل حل کرنے میں جماعت اسلامی کا ساتھ دیں، جدوجہد کرنے سے ہی مسائل حل ہوں گے، گزشتہ بلدیاتی الیکشن میں اہل کراچی نے جماعت اسلامی کو سب سے زیادہ ووٹ دیئے لیکن پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت نے دھونس دھاندلی سے پہلے ہماری جیتی ہوئی یونین کمیٹیز اور 4 ٹاؤنز چھینے اور پھر میئر شپ پر بھی قبضہ کر لیا، اسی وجہ سے اس وقت کراچی کی صورتحال انتہائی ابتر ہے، پہلے بلدیاتی انتخابات میں عوامی مینڈیٹ پر ڈاکا ڈالا گیا پھر عام انتخابات میں ایم کیو ایم جو کراچی سے ایک پولنگ بوتھ تک نہ جیت سکی لیکن اس کو درجنوں کے حساب سے صوبائی اور قومی اسمبلی کی سیٹیں دے دی گئیں، انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے منتخب نمائندے اپنے 9 ٹاؤنز میں محدود وسائل و اختیارات میں دن ورات ترقیاتی کام اور اہل کراچی کی خدمت کر رہے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ سندھ حکومت سے وسائل و اختیارات لینے کی بھی جدوجہد کر رہے ہیں، اگر سندھ حکومت ٹاؤنز کے بجٹ میں تھوڑا سا بھی اضافہ کر دے تو ہم اپنی یوسی کی ایک ایک اندرونی گلی کو بھی بنا دیں گے اور پانی سمیت تمام مسائل حل کر دیں گے، لیکن پیپلز پارٹی نے سارے اداروں پر قبضہ کر رکھا ہے اور وسائل و اختیارات دینے کو تیار نہیں، اس کے باوجود جماعت اسلامی دیانت وامانت کے ساتھ اہل کراچی کے مسائل حل کر رہی ہے، کراچی کا سب سے بڑا مسئلہ پیپلز پارٹی ہے یہ دور ہو جائے تو سب مسئلے حل ہو جائیں گے۔

بقیہ نمبر 12 اطلاعات

کیلئے ہے، زندگی کا مقصد دین اسلام کی سرفرازی ہے اور اس کیلئے کسی قربانی سے گریز نہ کرنا مقصد حیات ہے۔ شاہ عبدالحق نے مزید کہا کہ سنت ابراہیمی کا تقاضہ ہے کہ ہم بھی دین اسلام، ملک و ملت کی خاطر کسی قسم کی قربانی سے گریز نہ کریں، قربانی ہی وہ راستہ ہے جس پر چل کر رب کے صالحین بندوں نے انسانیت کی کایا پلٹ کر ظلم و ناانصافی کا خاتمہ کر کے عدل و مساوات کی روشنی پھیلائی۔ انہوں نے کہا کہ سنت ابراہیمی کی ادائیگی عشق الٰہی کا مظہر ہے، رب العالمین کے احکامات اور انبیاء کرام کی سنت کا بنیادی مقصد معاشرے میں عدل و مساوات، جذبہ خدمت و ایثار، ہمدردی کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اپنے جانوروں کی قربانی کی کھالیں مدارس اہلسنّت کو دے کر دین کی ترویج و اشاعت میں معاون بنیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اپنے جانوروں کی قربانی کی کھالیں مدارس اہلسنّت کو دے کر دین کی ترویج و اشاعت میں معاون بنیں۔ نیز جماعت اہلسنّت پاکستان کراچی کے امیر علامہ شاہ عبدالحق قادری نماز عیدالاضحیٰ 6:15 بجے میمن مسجد مصلح الدین گارڈن جوڑیا بازار میں پڑھائیں گے۔

بقیہ نمبر 13 اطلاعات

کرتے ہیں۔ ایڈووکیٹ انور عظیم خان نے کہا کہ حج مسلمانوں کو محبت، برداشت، انسانیت کی خدمت اور باہمی احترام کا درس دیتا ہے، جس کی آج کے دور میں پہلے سے کہیں زیادہ ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اس وقت مختلف چیلنجز سے گزر رہا ہے اور قومی یکجہتی و استحکام وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ انہوں نے خصوصی طور پر پاکستانی حجاج کرام سے اپیل کی کہ وہ اپنی دعاؤں میں وطنِ عزیز پاکستان کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور قومی اتحاد کے لیے خصوصی دعا کریں۔

بقیہ نمبر 14 اطلاعات

ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قربانی واطاعت کا جذبہ رہتی دنیا تک امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج امت مسلمہ کو باہمی اتحاد، اخوت، ایثار اور قربانی کے جذبے کو فروغ دینے کی اشد ضرورت ہے تاکہ معاشرے میں محبت، بھائی چارے اور اسلامی اقدار کو مضبوط بنایا جا سکے۔ مرکزی صدر صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری نے کہا کہ یوم عرفہ کا دن انتہائی فضیلت اور برکت والا دن ہے۔ احادیث مبارکہ میں اس دن کے روزے کی بے شمار فضیلت بیان کی گئی ہے اور یہ روزہ گزشتہ اور آئندہ ایک سال کے گناہوں کا کفارہ بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلمان اس مقدس دن کو عبادت، ذکر و اذکار، تلاوت قرآن، درود پاک اور دعا میں گزاریں اور اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہوئے امت مسلمہ کی سلامتی واستحکام کے لیے خصوصی دعائیں کریں۔ مرکزی سیکرٹری جنرل صاحبزادہ علامہ بلال سلیم قادری شامی نے کہا کہ یوم عرفہ کے دن اللہ تعالی اپنے بندوں پر خصوصی رحمت فرماتا ہے اور بے شمار لوگوں کو دوزخ کی آگ سے آزادی عطا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن اللہ تعالی کے قرب کو حاصل کرنے، دلوں کو پاک کرنے اور اپنی زندگیوں کو اسلامی تعلیمات کے مطابق ڈھالنے کا عظیم موقع ہے۔ مسلمان ان بابرکت ایام میں غریبوں، مسکینوں اور ضرورت مندوں کا خصوصی خیال رکھیں اور قربانی کے فلسفے کو صرف جانور ذبح کرنے تک محدود نہ رکھیں بلکہ ایثار، محبت اور انسانیت کی خدمت کے جذبے کو بھی فروغ دیں۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ سنت ابراہیمی ہمیں یہ درس دیتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے سامنے ہر خواہش اور ہر مفاد کو قربان کر دینا ہی حقیقی کامیابی ہے۔ آج کے دور میں امت مسلمہ کو صبر، اتحاد، برداشت اور دینی شعور کو اپنانے کی ضرورت ہے تاکہ دنیا بھر میں مسلمانوں کو درپیش مسائل کا حل ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالی یوم عرفہ اور عیدالاضحیٰ کے صدقے پوری امت مسلمہ کو امن، سلامتی، خوشحالی اور استحکام عطا فرمائے۔

بقیہ نمبر 15 اطلاعات

لیے گئے ہیں۔ شہر بھر میں مختلف مقامات پر قربان گاہیں قائم کی گئی ہیں، جہاں نماز عیدالاضحیٰ کے فوری بعد قربانی کا سلسلہ شروع کر دیا جائے گا، ان قربان گاہوں میں شہریوں کو بڑے پیمانے پر اجتماعی قربانی کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔ چیف ایگزیکٹو الخدمت نوید علی بیگ نے اپنے خصوصی بیان میں الخدمت کی جانب سے اہل کراچی اور اہل پاکستان کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ کا دن ہمیں ایثار اور قربانی کا درس دیتا ہے، اس دن ضروری ہے کہ ہم غربا اور مساکین کو بھی اپنی خوشیوں میں شامل کریں۔ انہوں نے کہا ہر سال کی طرح اس عیدالاضحیٰ پر بھی الخدمت نے فی سبیل اللہ قربانی کا اہتمام نہایت منظم انداز میں کیا ہے، اس کیلئے سیکڑوں الخدمت رضا کار مستعد اور تیار ہیں جو مستحق افراد اور خاندانوں تک قربانی کا گوشت پہنچائیں گے۔ اسی طرح شہر بھر سے کھالیں جمع کرنے کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری قربانی کی کھالیں الخدمت تک پہنچانے کیلئے ہیڈ آفس کے فون نمبرز پر بھی رجوع کر سکتے ہیں۔ نوید علی بیگ نے کہا کہ گزشتہ برس کی طرح اس برس بھی اہل فلسطین تک قربانی کا گوشت پہنچانے کیلئے الخدمت نے فلسطین ہی میں خصوصی انتظامات کیے ہیں۔ نوید علی بیگ نے کہا کہ قربانی کے بعد اس کی کھال کا درست مصرف قربانی کی تکمیل کے لیے نہایت ضروری ہے۔ الخدمت لوگوں کی ایک ایک پیسہ امانت سمجھ کر دیانتداری کے ساتھ خرچ کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صاحب ثروت افراد غربا، مساکین اور ضرورت مندوں کی عیدالاضحیٰ کی خوشیوں میں شامل کریں۔

بقیہ نمبر 16 اطلاعات

فوڈ اسٹریٹ، بچوں کے لیے پلے ایریا، فیملی انٹرٹینمنٹ اور خصوصی سیکیورٹی و لائٹنگ کے انتظامات نے شہریوں کے دل جیت لیے۔ شہریوں کی بڑی تعداد نے لذیذ کھانوں اور گرمی کا توڑ کرنے والے 'تربوز کے شربت' سے لطف اندوز ہوتے ہوئے عید کی خریداری مکمل کی، مویشی منڈی کی رونقوں کا احوال بتاتے ہوئے ننھی رپورٹر فائقہ ابڑو نے اپنی بہن کے ہمراہ میڈیا سیل کا دورہ کیا اور اپنے تاثرات میں کہا کہ یہ مویشی منڈی کم اور فیملی فیسٹیول زیادہ محسوس ہو رہی ہے، یہاں آ کر ہمیں بہت اچھا لگا، انچارج ایڈمنسٹریشن اسلم بلوچ نے بتایا کہ منڈی اب اپنے آخری مراحل میں ہے اور اونٹ، گائے، بیل اور بکرے ملا کر صرف 500 کے قریب جانور باقی رہ گئے ہیں۔ انہوں نے تصدیق کی کہ کے پی کے، پنجاب، سندھ، سفائر، گولڈن، پہاڑی، کراچی اور جنرل بلاک اب مکمل طور پر خالی ہو چکے ہیں، ایڈمنسٹریٹر مویشی منڈی طارق تنولی نے منڈی کے کامیاب انعقاد پر گہرے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مقصد بیوپاریوں اور شہریوں کو بہترین سہولیات فراہم کرنا تھا جس میں ہم الحمدللہ کامیاب رہے۔ اس منڈی کے باعث ٹھیلے فروشوں، ہوٹل مالکان اور کیبن مالکان کو بھی بڑے پیمانے پر روزگار کے مواقع میسر آئے۔ انہوں نے الیکٹرانک، پرنٹ، سوشل اور عالمی میڈیا کے مثبت کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ میڈیا نے منڈی کی سرگرمیوں کو دنیا بھر میں بھرپور انداز میں اجاگر کیا۔ دوسری جانب، شاندار کمائی کے بعد اپنے آبائی علاقوں کو روانہ ہونے والے بیوپاری انتہائی خوش نظر آئے اور ہاتھ ہلا کر کراچی کے شہریوں کا شکریہ ادا کرتے دکھائی دیے۔ اس موقع پر ایڈمنسٹریٹر طارق تنولی نے تمام اہل کراچی کو عیدالاضحیٰ کی پیشگی مبارکباد بھی پیش کی۔

بقیہ نمبر 17 اطلاعات

روم قائم کرنے اور فرنٹ لائن عملے کو مکمل حفاظتی سہولتیں فراہم کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔ حکام نے بریفنگ میں کہا کہ ایئرپورٹس مہلک متعدی بیماریوں کی منتقلی کے حساس مقامات ہیں، اس لیے فوری ردعمل اور مؤثر تیاری ناگزیر ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ خطرے سے بروقت نمٹا جا سکے۔

بقیہ نمبر 18 اطلاعات

پورٹ فولیو اور آئندہ آنے والی پروڈکٹ میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہوں نے صحت کی دیکھ بھال اور صارفین کی دیکھ بھال کی مصنوعات کو فروغ دینے میں گروپ کی کوششوں کا بھی اعتراف کیا۔ ظہرانے میں جنرل قونصل خاص علی المشاری تھرڈ سیکریٹری سلطنت عمان، بریگیڈیئر طارق قادری، عدنان رحمان، علی رضا اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر پاکستان اور سری لنکا کے درمیان باہمی مصروفیت، گرمجوشی سے مہمان نوازی اور تعاون کے بڑھتے ہوئے جذبے کی عکاسی ہوئی۔

بقیہ نمبر 19 اطلاعات

پینشن کی عدم ادائیگی کے خلاف عیدالاضحیٰ کے فوری بعد دستخطی مہم شروع کرنے کا اعلان کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں سفید لٹھے کے تھانوں پر ملازمین اور پینشنرز سے الگ الگ دستخط لیے جائیں گے اور یادداشت پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، وزیراعلیٰ سندھ، وزیر بلدیات اور چیف سیکریٹری سندھ کو پیش کی جائے گی۔ سجن یونین، کے ایم سی آفیسرز ویلفیئر کمیٹی، کے ایم سی ٹی ایم سینئر ریٹائرڈ ایمپلائز و پینشنرز الائنس اور دیگر تنظیموں نے اس سلسلے میں تیاریاں شروع کر دی ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے بعد سندھ ہائی کورٹ سے بھی رجوع کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 20 اطلاعات

برادری کے افراد نے نماز عید ادا کی۔ نماز کے بعد ایک دوسرے کو عید کی مبارکباد دی گئی اور بھائی چارے کے اظہار کے مناظر دیکھنے میں آئے۔ بوہرہ برادری کے نماز عید کے اجتماعات صدر، پاکستان چوک، حیدری، بلوچ کالونی، نارتھ ناظم آباد اور دیگر علاقوں میں ہوئے جہاں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے۔ بوہرہ برادری کی جانب سے نماز عید کے بعد سنت ابراہیمی کی پیروی کرتے ہوئے قربانی کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے جو عید کے تینوں دن جاری رہے گا جبکہ قربانی کے انتظامات پہلے ہی مکمل کر لیے گئے تھے۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر گھروں میں گوشت کے خصوصی پکوان تیار کیے جا رہے ہیں جبکہ عزیز و اقارب اور دوست احباب کے لیے دعوتوں کا اہتمام بھی کیا گیا ہے جس کے باعث مختلف علاقوں میں عید کی رونقیں عروج پر ہیں۔

بقیہ نمبر 21 اطلاعات

کثیر جہتی تعاون کو جاری رکھے گا اور فوجی سطح پر تعاون کو مزید مضبوط بنائے گا۔ منگل کو دفتر خارجہ کے مطابق مشترکہ اعلامیہ میں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ چین اور پاکستان کی روایتی دوستی جسے دونوں ممالک کی قیادتوں نے نسل در نسل قائم اور فروغ دیا، دونوں ممالک اور عوام کیلئے ایک اہم اثاثہ اور اسٹریٹجک سرمایہ ہے، یہ دوستی سفارتی تعلقات کے گزشتہ 75 برسوں کے دوران عالمی اور علاقائی حالات میں تبدیلیوں کے باوجود ہمیشہ مضبوط رہی، دونوں ممالک نے ہمیشہ ایک دوسرے پر اعتماد اور احترام کے ساتھ اس کی حمایت کی اور مشکلات و چیلنجز کے وقت وہ ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے رہے۔ بیان کے مطابق عوامی جمہوریہ چین کے وزیراعظم لی چیانگ کی دعوت پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے 23 مئی سے 26 مئی تک چین کا سرکاری دورہ کیا، دورے کے دوران صدر شی جن پنگ نے وزیراعظم سے ملاقات کی جبکہ وزیراعظم لی چیانگ نے وزیراعظم کے ساتھ مذاکرات کیے، فریقین نے خوشگوار ماحول میں تبادلہ خیال کیا اور چین پاکستان ہمہ موسمی اسٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا اور باہمی دلچسپی کے بین الاقوامی و علاقائی امور پر نئے اور وسیع اتفاق رائے تک پہنچے، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے دونوں ممالک کے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کی تقریبات میں بھی شرکت کی اور صوبہ ژی جیانگ کے شہر ہانگژو کا کامیاب دورہ کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ ایک ایسی دنیا میں جہاں صدی میں پہلی مرتبہ غیر معمولی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں، چین پاکستان ہمہ موسمی اسٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری مزید اسٹریٹجک اہمیت اور افادیت اختیار کر گئی ہے۔ چین اور پاکستان نئے دور میں مشترکہ مستقبل کی مزید مضبوط چین پاکستان کمیونٹی کی تعمیر کیلئے تیز رفتاری سے کام کریں گے، جو چین اور اس کے ہمسایہ ممالک کے درمیان مشترکہ مستقبل کی کمیونٹی کی تعمیر کیلئے ایک مثال ہوگی۔ دونوں فریقین نے اپنے دوطرفہ تعلقات کے تحفظ اور فروغ، اعلیٰ سطحی تبادلوں کے تسلسل، نئے دور میں چین پاکستان مشترکہ مستقبل کی مزید مضبوط کمیونٹی کے ایکشن پلان (2025-2029) پر نمایاں پیش رفت، باہمی اعتماد، عملی تعاون، دفاعی اور سیکیورٹی تعاون میں گہرائی پیدا کرنے اور بین الاقوامی و علاقائی امور پر قریبی رابطہ برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا تاکہ اس تعلق کو دونوں عوام کے فائدے اور خطے و دنیا میں امن، استحکام اور خوشحالی کیلئے مزید مؤثر بنایا جا سکے۔ پاکستان نے صدر شی جن پنگ کی جانب سے پیش کردہ انسانیت کے مشترکہ مستقبل کی کمیونٹی کے وژن، گلوبل ڈیولپمنٹ انیشی ایٹو، گلوبل سیکیورٹی انیشی ایٹو، گلوبل سولائزیشن انیشی ایٹو اور گلوبل گورننس انیشی ایٹو کی بھرپور حمایت کا اعادہ کیا۔ فریقین نے صدر مملکت آصف علی زرداری کے اپریل اور مئی 2026 میں چین کے صوبوں ہونان اور ہائینان کے دورے، قومی اسمبلی کے اسپیکر سردار ایاز صادق کے جنوری 2026 میں چین کے دورے، چین پاکستان وزرائے خارجہ اسٹریٹجک ڈائیلاگ کے ساتویں دور اور سی پیک سیاسی جماعتوں کے مشترکہ مشاورتی میکنزم کے کامیاب انعقاد کو سراہا۔ پاکستان نے چین کی قومی عوامی کانگریس کی قائمہ کمیٹی کے نائب چیئرمین کائی دافنگ کے مئی 2026 کے دورہ پاکستان اور 75 ویں سالگرہ کی تقریبات میں شرکت کو سراہا۔ دونوں ممالک نے مختلف سطحوں پر تبادلوں اور اسٹریٹجک رابطوں کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا تاکہ سیاسی اعتماد مزید گہرا ہو اور چین پاکستان تعلقات درست سمت میں آگے بڑھتے رہیں، دونوں فریقین نے ایک دوسرے کے بنیادی قومی مفادات پر غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ دونوں نے اس بات پر زور دیا کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی قرارداد 2758 کی حیثیت غیر متنازع ہے۔ پاکستان نے ون چائنا پالیسی سے اپنی مضبوط وابستگی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ تائیوان عوامی جمہوریہ چین کا اٹوٹ حصہ ہے اور مسئلہ تائیوان چین کے بنیادی قومی مفادات کا مرکز ہے۔ پاکستان نے چین کے قومی اتحاد کے تمام اقدامات کی حمایت اور تائیوان کی آزادی کی ہر شکل کی مخالفت کا اعادہ کیا۔ پاکستان نے سنکیانگ، ژیزانگ، ہانگ کانگ اور جنوبی بحیرہ چین کے معاملات پر چین کے موقف کی حمایت کی۔ چین نے پاکستان کی خودمختاری، آزادی، علاقائی سالمیت، قومی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کیلئے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ پاکستان نے چین کو 14 ویں پانچ سالہ منصوبے کے اسٹریٹجک اہداف کی کامیاب تکمیل اور 15 ویں پانچ سالہ منصوبے کے مضبوط آغاز پر مبارکباد دی۔ چین نے پاکستانی قیادت کو اڑان پاکستان قومی اقتصادی تبدیلی منصوبہ (2024-2029) کے تحت معاشی استحکام کے حصول پر مبارکباد دی۔ فریقین نے اعلیٰ معیار کے بیلٹ اینڈ روڈ تعاون، چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) مشترکہ تعاون کمیٹی کے اجلاس اور سی پیک 2.0 کی اعلیٰ معیار کی ترقی کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ دونوں فریقین نے قراقرم ہائی وے کے (تھاکوٹ - رائیکوٹ) ری الائنمنٹ منصوبے کو مرحلہ وار اور منظم انداز میں آگے بڑھانے کے ساتھ ساتھ گوادر بندرگاہ کی صلاحیت سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے اسے علاقائی روابط کے مرکز کے طور پر ترقی دینے پر اتفاق کیا۔ دونوں ممالک درہ خنجراب کو مؤثر انداز میں استعمال کرتے ہوئے چین اور پاکستان کے درمیان زمینی رابطوں کو مزید مضبوط بنائیں گے۔ دونوں فریقین نے سی پیک کی ترقی میں تیسرے فریق کی شرکت کا خیر مقدم کیا جو چین اور پاکستان کے باہمی متفقہ ماڈل کے تحت ہوگی۔ دونوں ممالک نے صنعتی پارکس، ٹیکسٹائل، گھریلو برقی آلات، معدنیات، تیل و گیس کی تلاش اور ترقی میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا۔ فریقین نے چین میں ایک ہزار پاکستانی نوجوان زرعی ماہرین کی تربیت کی کامیاب تکمیل کو سراہا۔ پاکستان نے شانشی، ہوبے، سچوان اور ہائینان صوبوں کی حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ چین نے پاکستان میں زرعی پیداوار بڑھانے، چینی کمپنیوں کی زرعی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی اور معیاری پاکستانی زرعی مصنوعات کی چینی منڈی تک رسائی میں تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ دونوں ممالک نے معیشت، تجارت، توانائی، ڈیجیٹل معیشت، مالیات، سائنس و تکنیکی جدت، مصنوعی ذہانت، انفارمیشن و کمیونیکیشن، آبی وسائل اور بحری امور سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات بڑھانے پر اتفاق کیا جبکہ افرادی تربیت میں اضافہ، تجارتی آزادکاری کو آگے بڑھانے کے حوالے سے مشاورت، اور صنعتی و سپلائی چینز کے استحکام اور سلامتی کے مشترکہ تحفظ پر بھی اتفاق کیا گیا۔ پاکستان نے چین کے اس تعاون پر مبنی فلسفے کو سراہا جس کے تحت لوگوں کو صرف مچھلی ہی نہیں بلکہ مچھلی پکڑنے کی مہارت بھی فراہم کی جاتی ہے۔ فریقین بنیادی ڈھانچے، زراعت، تعلیم، صحت اور دیگر شعبوں میں مزید چھوٹے مگر خوبصورت عوامی فلاحی منصوبے شروع کرنے کیلئے تیار ہیں۔ چین 2025 تا 2029 کے دوران پاکستان کو 3 ہزار تربیتی مواقع فراہم کرنے کے منصوبے پر عمل درآمد جاری رکھے گا۔ دونوں ممالک تعلیمی و ثقافتی تبادلوں اور تعاون کے منصوبہ جات پر عمل درآمد کریں گے جبکہ جڑواں صوبوں اور شہروں کے درمیان تعاون کو بھی وسعت دی جائے گی۔ چین نے دو پاکستانی خلا بازوں کو تربیت کیلئے چین آنے کی دعوت دی اور اس امید کا اظہار کیا کہ ایک پاکستانی خلا باز چین کے خلائی اسٹیشن میں داخل ہونے والا پہلا غیر ملکی خلا باز بنے گا، دونوں ممالک باہمی احترام، امن اور باہمی مفاد پر مبنی خلائی تعاون کو مزید وسعت دیں گے۔

بقیہ نمبر 22 اطلاعات

مسلمہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ مقدس سنت ہمیں یہ درس دیتی ہے کہ اعلیٰ اور مقدس مقصد کے لیے اپنی جان، خواہشات اور مفادات قربان کر دینا ہی اصل میں ایمان کی معراج اور اہل وفا کا طرہ امتیاز ہے، ہمیں اختلافات کے باوجود قومی وحدت کو مقدم رکھنا چاہیے۔ صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان نے عید الاضحیٰ 1447ھ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ عید الاضحیٰ کے بابرکت موقع پر میں پاکستان کے عوام، بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں اور امتِ مسلمہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں، یہ عید ہمیں اطاعتِ الٰہی، صبر، وفا، اخلاص اور ایثار کے اس عظیم جذبے کی یاد دلاتی ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی سیرتِ مبارکہ سے ہمیں ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ ہمیں یہ سمجھاتی ہے کہ قربانی صرف ایک مذہبی فریضہ نہیں بلکہ ایک مکمل اخلاقی پیغام ہے اور انسان کی اصل کامیابی مال و دولت، طاقت یا ظاہری شان میں نہیں، بلکہ تقویٰ، خلوص، خدمت اور انسانیت کے درد کو محسوس کرنے میں ہے۔ رسول اکرمؐ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے محبوب انسان وہ ہے جو لوگوں کو سب سے زیادہ فائدہ پہنچائے۔ انہوں نے کہا کہ قربانی کا حقیقی تقاضا یہ ہے کہ ہم اپنے دلوں میں دوسروں کے لیے جگہ پیدا کریں، عید کی خوشیاں اسی وقت مکمل ہوتی ہیں جب ہمارے اردگرد موجود محروم، مستحق، یتیم، بیوہ، بیمار، مزدور، معذور، بے سہارا اور سفید پوش افراد بھی ان خوشیوں میں شریک ہوں، ہمیں خاص طور پر اُن لوگوں کا خیال رکھنا ہے جو اپنی ضرورت کا اظہار نہیں کرتے اور خاموشی سے مشکلات برداشت کرتے ہیں۔ نبی کریمؐ نے فرمایا کہ وہ شخص کامل مومن نہیں جو خود پیٹ بھر کر کھائے اور اس کا پڑوسی بھوکا ہو۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ ہمیں یاد دلاتی ہے کہ قومی زندگی میں بھی قربانی، برداشت، نظم و ضبط، دیانت داری اور ایک دوسرے کے احترام کی ضرورت ہوتی ہے۔ جب شہری اپنے حقوق کے ساتھ اپنی ذمہ داریوں کو بھی سمجھتے ہیں تو قومیں مضبوط ہوتی ہیں، ادارے مستحکم ہوتے ہیں اور معاشرے ترقی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ہمیں اس بات کا عہد کرنا ہے کہ ہم اختلافات کے باوجود قومی وحدت کو مقدم رکھیں گے۔ ہم نفرت اور تقسیم کے بجائے محبت، برداشت اور مکالمے کو فروغ دیں گے۔ ہم کمزور طبقوں کے لیے آسانیاں پیدا کریں گے، قانون کا احترام کریں گے، اپنے ماحول کو صاف رکھیں گے، اور اپنے عمل سے پاکستان کو ایک مہذب، پُرامن اور باوقار ملک بنانے میں کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں پاکستان کے نوجوانوں، خواتین، محنت کشوں، کسانوں، اساتذہ، علما، تاجروں، سرکاری ملازمین اور تمام طبقات سے کہتا ہوں کہ آپ میں سے ہر فرد اس ملک کی امید ہے، آپ کا ایک مثبت عمل، ایک مددگار ہاتھ، ایک دیانت دارانہ فیصلہ اور ایک خیر خواہی کا قدم ہمارے معاشرے کو بہتر بنا سکتا ہے۔ مایوسی کے اندھیروں کو خدمت، علم، محنت اور اتحاد کی روشنی سے شکست دی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آیئے، اس عیدالاضحیٰ پر ہم قربانی کو صرف ایک دن کی عبادت نہیں بلکہ پورے سال کے طرزِ عمل میں بدلنے کا عہد کریں، ہم اپنے دلوں میں رحم، اپنے رویوں میں شائستگی، اپنے گھروں میں محبت، اپنے معاشرے میں انصاف، اور اپنے وطن کے لیے وفاداری کو فروغ دیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ہماری عبادات اور قربانیوں کو قبول فرمائے، ہمارے دلوں میں تقویٰ اور اخلاص پیدا فرمائے، مستحق افراد کی مشکلات آسان فرمائے، اور پاکستان کو امن، اتحاد، استحکام، ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے عیدالاضحیٰ کے بابرکت اور پرمسرت موقع پر پاکستانی قوم اور امت مسلمہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ مقدس سنت ہمیں یہ درس دیتی ہے کہ اعلیٰ اور مقدس مقصد کے لیے اپنی جان، خواہشات اور مفادات قربان کر دینا ہی اصل میں ایمان کی معراج اور اہل وفا کا طرہ امتیاز ہے۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ تمام عزیز اہل وطن اور پوری امت مسلمہ کو دل کی گہرائیوں سے عید کی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس عظیم مذہبی تہوار کی خوشیوں اور جذبہ ایثار و قربانی کی حقیقی روح سے بہرہ مند فرمائے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے کہا کہ عید ہمیں عظیم الشان سنت ابراہیمی کی یاد دلاتی ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی حکم الٰہی کے سامنے مکمل سپردگی اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی بے مثال اطاعت و فرمانبرداری کا روشن استعارہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مقدس سنت ہمیں یہ درس دیتی ہے کہ اعلیٰ اور مقدس مقصد کے لیے اپنی جان، خواہشات اور مفادات قربان کر دینا ہی اصل میں ایمان کی معراج اور اہل وفا کا طرہ امتیاز ہے۔ قربانی کا جذبہ دراصل ہمیں خود غرضی، تنگ نظری اور ذاتی مفادات سے بلند ہو کر انسانیت کے لیے ہمدردی، ایثار اور احساس ذمہ داری اپنانے کا درس دیتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مادر وطن کے دفاع اور دہشت گردی کے واقعات میں جان قربان کرنے والے شہدا کی قربانی ہمارا قومی فخر ہے۔ عید کا روحانی موقع اس امر کا بھی متقاضی ہے کہ ہم انفرادی اور اجتماعی سطح پر اپنے گرد و نواح میں تنگ دست، غربا اور مستحق افراد کا خصوصی طور پر خیال کریں اور عید کی خوشیوں میں انکو شامل حال رکھیں۔ جذبہ ایثار اور اتحاد و یگانگت ہی قوموں کی زندگی میں دائمی یکجہتی اور پائیدار ترقی کا ضامن ہے، انہوں نے کہا کہ آج کے دن میں پوری قوم کی جانب سے اپنے فلسطینی اور مقبوضہ کشمیر کے مظلوم بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کرتا ہوں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو عیدالاضحیٰ کی حقیقی برکتوں سے مالا مال فرمائے، ہماری قربانیاں قبول فرمائے اور دنیا کو امن، محبت اور ہم آہنگی کا گہوارہ بنائے۔ آمین! عیدالاضحیٰ مبارک!

بقیہ نمبر 23 اطلاعات

اپنا دورہ پاکستان مکمل کر کے واپس چلے گئے۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پرنس رحیم آغا خان کو رخصت کیا۔ نور خان ایئربیس پر رخصتی کے موقع پر پرتپاک خیر سگالی کے اظہار کے تحت وفاقی وزیر کی جانب سے پرنس رحیم آغا خان کو خصوصی تصویری البم پیش کی گئی۔ البم میں دورِ پاکستان کی یادگار اور اہم ملاقاتوں کی تصاویر موجود ہیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاکستان کی ترقی میں آغا خان ڈویلپمنٹ نیٹ ورک کی خدمات قابل تحسین ہیں، حکومتِ پاکستان اے کے ڈی این کے فلاحی، تعلیمی اور معاشی منصوبوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ وفاقی وزیر نے اس توقع کا اظہار کیا کہ پرنس رحیم آغا خان کے دورہ سے پاکستان اور نیٹ ورک کے مابین شراکت داری مزید مضبوط ہوگی۔

بقیہ نمبر 24 اطلاعات

عید کے اجتماعات منعقد ہوئے جہاں ملک کی سلامتی، امن، خوشحالی اور ترقی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ کراچی میں بوہرہ برادری کا مرکزی اجتماع صدر میں واقع طاہری مسجد میں ہوا جہاں بڑی تعداد میں برادری کے افراد نے نماز عید ادا کی۔ نماز کے بعد ایک دوسرے کو عید کی مبارکباد دی گئی اور بھائی چارے کے اظہار کے مناظر دیکھنے میں آئے۔ بوہرہ برادری کے نماز عید کے اجتماعات صدر، پاکستان چوک، حیدری، بلوچ کالونی، نارتھ ناظم آباد اور دیگر علاقوں میں ہوئے جہاں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے۔ بوہرہ برادری کی جانب سے نماز عید کے بعد سنت ابراہیمی کی پیروی کرتے ہوئے قربانی کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے جو عید کے تینوں دن جاری رہے گا جبکہ قربانی کے انتظامات پہلے ہی مکمل کر لیے گئے تھے۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر گھروں میں گوشت کے خصوصی پکوان تیار کیے جا رہے ہیں جبکہ عزیز و اقارب اور دوست احباب کے لیے دعوتوں کا اہتمام بھی کیا گیا ہے جس کے باعث مختلف علاقوں میں عید کی رونقیں عروج پر ہیں۔

بقیہ نمبر 25 اطلاعات

کہ کسی کو اللہ تعالیٰ کا شریک نہ ٹھہرایا جائے، رب کے سوا کسی غیر کی عبادت مت کرنا، توحید پر عملدرآمد اہل ایمان کا خاصا ہے، ایمان والوں کے سامنے اللہ کی آیات پیش کی جائیں تو ان کے دل نرم پڑ جاتے ہیں۔ شیخ ڈاکٹر علی الحذیفی نے کہا کہ مسلمان توحید کی دعوت پر لبیک کہتے ہیں، یہ وہ عظیم جگہ ہے جہاں اللہ نے اپنا پاک کلام نازل فرمایا۔ خطبہ میں کہا گیا کہ نبی اکرمؐ اللہ کے آخری رسول ہیں، نبی اکرمؐ خاتم النبیین ہیں، مسلمانوں کو ہر مصیبت میں صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے۔ صبر کرنے والوں کیلئے اللہ تعالیٰ نے اجر عظیم کا وعدہ کیا ہے۔ خطبہ میں کہا گیا کہ اللہ فرماتا ہے سب نے میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے، اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے حجاج دنیا کے دور دراز علاقوں سے آئے ہیں، حج اللہ کے سامنے جھکنے اور نبی کریم کی پیروی کرنے کا نام ہے، اللہ کا فرمان ہے کہ ہمیشہ جھوٹ بات سے بچو۔ خطبہ میں مزید کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرتے ہوئے ان سے فائدہ اٹھائیں، جن قوموں نے ظلم کیا اور ناشکری کی ان سے نعمتیں چھین لی گئیں، اللہ اور بندے کا تعلق نجات کا ذریعہ ہے، اے ایمان والو، اپنے رب کے ساتھ جڑے رہو۔ امام مسجد نبوی? نے کہا کہ حج کے دوران کسی قسم کی لڑائی جھگڑے سے اجتناب کرنا چاہیے، کسی بھی ایسے عمل سے گریز کریں جس سے وحدت کو نقصان پہنچے، ہمیشہ سچ بولیں اور غلط بیانی سے گریز کریں، حجاج کرام ہر لمحہ مغفرت کی دعا کرتے رہیں، حجاج کرام مناسک حج بہترین انداز میں ادا کریں۔ امام عبدالرحمان الحذیفی کا کہنا تھا کہ اللہ تعالیٰ ہی دعائیں قبول کرنے والا اور گناہوں کو معاف فرمانے والا ہے، اللہ تعالیٰ ہمارے اعمال قبول فرمائے، اور مسلمانوں کو ہدایت عطا فرمائے۔ یا اللہ مسلمانوں کے حالات بہتر کر دے، یکجہتی عطا فرما دے۔ خطبہ حج کے بعد مسجد نمرہ میں نماز ظہر اور عصر ایک ساتھ ادا کی گئی۔

بقیہ نمبر 26 اطلاعات

پر ان کے ورثا سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ سائیں سادھ رام ایک نہایت محبت کرنے والے انسان تھے، ان سے کئی ملاقاتیں رہیں، وہ ہمیشہ مسکراتے رہتے اور سب کا خیال رکھتے تھے۔ ان کے انتقال سے ایک بڑا خلا پیدا ہو گیا ہے۔ امید ہے کہ ان کے پیروکار سائیں سادھ رام کے امن اور محبت کے پیغام پر عمل کرتے رہیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران ایک سوال کے جواب میں وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ رونتی کچے میں بڑا مسئلہ تھا، تاہم سندھ حکومت نے اس حوالے سے اقدامات کیے ہیں جس کے باعث پہلے کی نسبت کافی بہتری آئی ہے۔ کچے میں آپریشن جاری رہے گا اور ترقیاتی کام بھی کروائے جائیں گے تاکہ وہاں کے رہائشیوں کو سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

بقیہ نمبر 27 اطلاعات

عملے نے بہت تعاون کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف اور ان کی ٹیم کی محنت کی تعریف کی اور کہا کہ ہر حاجی ہمارے لئے بہت خاص ہے، آپ کے مسائل کے حل کیلئے عملہ موجود ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ سعودی عرب کی حکومت نے اس بار حجاج کرام کی پاکستان میں امیگریشن کی بہت بڑی سہولت فراہم کی، سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور وزارت حج کے خصوصی طور پر شکرگزار ہیں۔

بقیہ نمبر 28 اطلاعات

ملک مقیم پاکستانیوں اور امتِ مسلمہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں، یہ عید ہمیں اطاعتِ الٰہی، صبر، وفا، اخلاص اور ایثار کے اس عظیم جذبے کی یاد دلاتی ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی سیرتِ مبارکہ سے ہمیں ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ ہمیں یہ سمجھاتی ہے کہ قربانی صرف ایک مذہبی فریضہ نہیں بلکہ ایک مکمل اخلاقی پیغام ہے اور انسان کی اصل کامیابی مال و دولت، طاقت یا ظاہری شان میں نہیں، بلکہ تقویٰ، خلوص، خدمت اور انسانیت کے درد کو محسوس کرنے میں ہے۔ رسول اکرمؐ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے محبوب انسان وہ ہے جو لوگوں کو سب سے زیادہ فائدہ پہنچائے۔ انہوں نے کہا کہ قربانی کا حقیقی تقاضا یہ ہے کہ ہم اپنے دلوں میں دوسروں کے لیے جگہ پیدا کریں، عید کی خوشیاں اسی وقت مکمل ہوتی ہیں جب ہمارے اردگرد موجود محروم، مستحق، یتیم، بیوہ، بیمار، مزدور، معذور، بے سہارا اور سفید پوش افراد بھی ان خوشیوں میں شریک ہوں، ہمیں خاص طور پر اُن لوگوں کا خیال رکھنا ہے جو اپنی ضرورت کا اظہار نہیں کرتے اور خاموشی سے مشکلات برداشت کرتے ہیں۔ نبی کریمؐ نے فرمایا کہ وہ شخص کامل مومن نہیں جو خود پیٹ بھر کر کھائے اور اس کا پڑوسی بھوکا ہو۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ ہمیں یاد دلاتی ہے کہ قومی زندگی میں بھی قربانی، برداشت، نظم و ضبط، دیانت داری اور ایک دوسرے کے احترام کی ضرورت ہوتی ہے۔ جب شہری اپنے حقوق کے ساتھ اپنی ذمہ داریوں کو بھی سمجھتے ہیں تو قومیں مضبوط ہوتی ہیں، ادارے مستحکم ہوتے ہیں اور معاشرے ترقی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ہمیں اس بات کا عہد کرنا ہے کہ ہم اختلافات کے باوجود قومی وحدت کو مقدم رکھیں گے۔ ہم نفرت اور تقسیم کے بجائے محبت، برداشت اور مکالمے کو فروغ دیں گے۔ ہم کمزور طبقوں کے لیے آسانیاں پیدا کریں گے، قانون کا احترام کریں گے، اپنے ماحول کو صاف رکھیں گے، اور اپنے عمل سے پاکستان کو ایک مہذب، پُرامن اور باوقار ملک بنانے میں کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں پاکستان کے نوجوانوں، خواتین، محنت کشوں، کسانوں، اساتذہ، علما، تاجروں، سرکاری ملازمین اور تمام طبقات سے کہتا ہوں کہ آپ میں سے ہر فرد اس ملک کی امید ہے، آپ کا ایک مثبت عمل، ایک مددگار ہاتھ، ایک دیانت دارانہ فیصلہ اور ایک خیر خواہی کا قدم ہمارے معاشرے کو بہتر بنا سکتا ہے۔ مایوسی کے اندھیروں کو خدمت، علم، محنت اور اتحاد کی روشنی سے شکست دی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آیئے، اس عیدالاضحیٰ پر ہم قربانی کو صرف ایک دن کی عبادت نہیں بلکہ پورے سال کے طرزِ عمل میں بدلنے کا عہد کریں، ہم اپنے دلوں میں رحم، اپنے رویوں میں شائستگی، اپنے گھروں میں محبت، اپنے معاشرے میں انصاف، اور اپنے وطن کے لیے وفاداری کو فروغ دیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ہماری عبادات اور قربانیوں کو قبول فرمائے، ہمارے دلوں میں تقویٰ اور اخلاص پیدا فرمائے، مستحق افراد کی مشکلات آسان فرمائے، اور پاکستان کو امن، اتحاد، استحکام، ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے عیدالاضحیٰ کے بابرکت اور پرمسرت موقع پر پاکستانی قوم اور امت مسلمہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ مقدس سنت ہمیں یہ درس دیتی ہے کہ اعلیٰ اور مقدس مقصد کے لیے اپنی جان، خواہشات اور مفادات قربان کر دینا ہی اصل میں ایمان کی معراج اور اہل وفا کا طرہ امتیاز ہے۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ تمام عزیز اہل وطن اور پوری امت مسلمہ کو دل کی گہرائیوں سے عید کی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس عظیم مذہبی تہوار کی خوشیوں اور جذبہ ایثار و قربانی کی حقیقی روح سے بہرہ مند فرمائے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے کہا کہ عید ہمیں عظیم الشان سنت ابراہیمی کی یاد دلاتی ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی حکم الٰہی کے سامنے مکمل سپردگی اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی بے مثال اطاعت و فرمانبرداری کا روشن استعارہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مقدس سنت ہمیں یہ درس دیتی ہے کہ اعلیٰ اور مقدس مقصد کے لیے اپنی جان، خواہشات اور مفادات قربان کر دینا ہی اصل میں ایمان کی معراج اور اہل وفا کا طرہ امتیاز ہے۔ قربانی کا جذبہ دراصل ہمیں خود غرضی، تنگ نظری اور ذاتی مفادات سے بلند ہو کر انسانیت کے لیے ہمدردی، ایثار اور احساس ذمہ داری اپنانے کا درس دیتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مادر وطن کے دفاع اور دہشت گردی کے واقعات میں جان قربان کرنے والے شہدا کی قربانی ہمارا قومی فخر ہے۔ عید کا روحانی موقع اس امر کا بھی متقاضی ہے کہ ہم انفرادی اور اجتماعی سطح پر اپنے گرد و نواح میں تنگ دست، غربا اور مستحق افراد کا خصوصی طور پر خیال کریں اور عید کی خوشیوں میں انکو شامل حال رکھیں۔ جذبہ ایثار اور اتحاد و یگانگت ہی قوموں کی زندگی میں دائمی یکجہتی اور پائیدار ترقی کا ضامن ہے، انہوں نے کہا کہ آج کے دن میں پوری قوم کی جانب سے اپنے فلسطینی اور مقبوضہ کشمیر کے مظلوم بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کرتا ہوں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو عیدالاضحیٰ کی حقیقی برکتوں سے مالا مال فرمائے، ہماری قربانیاں قبول فرمائے اور دنیا کو امن، محبت اور ہم آہنگی کا گہوارہ بنائے۔ آمین! عیدالاضحیٰ مبارک!

بقیہ نمبر 29 اطلاعات

بوڑھوں اور تڑپتی ہوئی ماں بہنوں کے خون کی خوشبو سے مہک رہی ہے، دنیا کی تاریخ میں اس ظلم کی مثال نہیں ملتی کہ شدید گرمی میں کئی روز تک قلعے کا پانی اور بجلی بند رکھی گئی اور جب ہماری مائیں بہنیں اور بیٹیاں اپنے ہاتھوں میں مبارک قرآن پاک سروں پر اٹھا کر پیاس بجھانے اور امن کی دہائی دینے نکلیں تو ان پر گولیوں کی بوچھاڑ کر دی گئی قرآن پاک کے اوراق خون سے رنگین ہو گئے لیکن ظالموں کے دل نہیں پگھلے، چیئرمین ایم کیو ایم نے اس دور کی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت کی صوبائی اور وفاقی حکومتوں نے جمہوریت کا لبادہ اوڑھ کر آمریت اور فاشزم کا وہ ننگا ناچ ناچا گیا جس نے چنگیز خان اور ہلاکو خان کے مظالم کی یاد تازہ کر دی، تین دہائیوں سے زائد کا عرصہ بیت گیا عدالتیں کھلیں جج بدلے حکومتیں آئیں اور گئیں لیکن پکا قلعہ کے مظلوموں کو آج تک انصاف نہ مل سکا، مقتدر حلقوں کی یہ مجرمانہ خاموشی اس ملک کے عدالتی نظام پر ایک بدنما داغ ہے، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کارکنان اور عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ پکا قلعہ کے شہدا کا خون ہمارا وہ تاریخی اثاثہ ہے جس نے مہاجر قوم کو اپنی بقا، شناخت اور حقوق کے لئے یکجا کیا، یہ خون رائیگاں نہیں گیا بلکہ اسی مٹی سے حقوقِ عامہ کی وہ تحریک ابھری جس نے جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کی بنیادیں ہلا کر رکھ دیں، ہماری شناخت ہماری سیاست اور ہمارا وقار ان ہی شہدا کی قربانیوں کا مرہونِ منت ہے، انہوں نے انتہائی پرعزم الفاظ میں کہا کہ ہم اپنے شہدا کے خون کی قسم کھا کر کہتے ہیں کہ جب تک ایم کیو ایم کا ایک بھی کارکن زندہ ہے شہدا کے مشن سے غداری نہیں ہونے دی جائے گی، ہم سرخرو ہوں گے، اپنے حقوق چھین کر لیں گے اور سندھ کے شہری علاقوں کے عوام کو ان کا جائز حق دلوا کر رہیں گے، مظلوموں محروموں کا یہ قافلہ ستم گروں کے سامنے کبھی نہیں جھکے گا۔ دوسری جانب متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے گل پلازہ سانحہ کی انکوائری رپورٹ اور متعلقہ سرکاری ریکارڈ منظرِ عام پر لانے کے لیے سندھ انفارمیشن کمیشن سے رجوع کر لیا۔ ان کے ہمراہ ایڈووکیٹ مشیر طارق منصور نے کمیشن میں درخواست جمع کرائی جس میں گل پلازہ انکوائری کمیشن کی مکمل تحقیقاتی رپورٹ اور کارروائی فراہم کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ گل پلازہ سانحہ کراچی کے المناک ترین واقعات میں شمار ہوتا ہے جس میں 84 سے زائد شہری جاں بحق اور 200 سے زائد زخمی ہوئے، تاہم متاثرہ خاندان ایک سال گزرنے کے باوجود انصاف کے منتظر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے سانحات کے تمام حقائق عوام کے سامنے لانا اور ذمہ دار عناصر کا تعین کرنا ریاستی اداروں کی قانونی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انکوائری کمیشن کی چار جلدوں پر مشتمل رپورٹ میں متعدد سرکاری افسران اور متعلقہ اداروں کی مبینہ غفلت اور کوتاہیوں کا ذکر موجود ہے لیکن متاثرین اور عوام کو اب تک اس رپورٹ تک رسائی فراہم نہیں کی گئی۔ شفافیت اور احتساب کے تقاضوں کے مطابق یہ معلومات عوام کے سامنے آنی چاہئیں تاکہ ذمہ دار عناصر کا تعین اور متاثرین کو انصاف کی فراہمی ممکن ہو سکے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے مزید کہا کہ سندھ ٹرانسپیرنسی اینڈ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2016 شہریوں کو معلومات تک رسائی کا بنیادی اور قانونی حق دیتا ہے، لہٰذا متعلقہ اداروں کو رپورٹ اور اس سے متعلق تمام دستاویزات فوری طور پر فراہم کرنی چاہئیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ سندھ انفارمیشن کمیشن قانون، شفافیت اور انصاف کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے گل پلازہ سانحہ کی مکمل انکوائری رپورٹ منظرِ عام پر لانے کے احکامات جاری کرے گا تاکہ متاثرہ خاندانوں کو انصاف مل سکے اور مستقبل میں ایسے سانحات کی روک تھام یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ نمبر 30 اطلاعات

شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران ایڈیشنل آئی جیز کراچی، سی ٹی ڈی اور ڈی آئی جی اسپیشل برانچ نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر صوبے بھر میں سیکیورٹی صورتحال، ممکنہ چیلنجز اور حفاظتی اقدامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال کے پیش نظر عیدالاضحیٰ کے دوران صوبے بھر میں سیکیورٹی مزید سخت کی جائے۔ انہوں نے تمام یونٹس کو باہمی انٹیلیجنس شیئرنگ اور مؤثر اسسمنٹ یقینی بنانے کی ہدایت بھی دی۔ آئی جی سندھ نے جرائم کے خاتمے کیلئے انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز میں مزید تیزی لانے، اسٹریٹ کرائمز کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کومبنگ آپریشنز مؤثر بنانے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ تمام اضلاع میں پولیس پٹرولنگ، اسنیپ چیکنگ اور ناکہ بندی کے نظام کو مزید فعال بنایا جائے جبکہ صوبے کے داخلی و خارجی راستوں، بارڈر ایریاز اور ہائی ویز پر سیکیورٹی سخت کی جائے۔ آئی جی سندھ نے تمام افسران کو فیلڈ میں اپنی موجودگی یقینی بنانے اور ممکنہ ہیٹ ویو کے پیش نظر ضلعی کمیونٹیز کے ساتھ مل کر عوامی سہولیات کیلئے مؤثر اقدامات کرنے کی بھی ہدایت جاری کی۔

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ

ABC CERTIFIED

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DALIY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی: سیدہ زاہدہ سلطانہ — چیف ایڈیٹر: طاہر ملک

ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM


پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)



پاک چین دوستی، نئی اقتصادی قوت

پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 برس مکمل ہونا محض ایک رسمی سفارتی سنگ میل نہیں بلکہ ایشیا کی سیاسی تاریخ، عالمی طاقتوں کے توازن، اقتصادی تغیرات اور خطے کی تزویراتی حرکیات میں ایک غیر معمولی باب کی تکمیل ہے۔ اسلام آباد میں منعقدہ تقریب میں صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کے خطابات بظاہر روایتی سفارتی بیانات محسوس ہوتے ہیں، مگر ان کے اندر عصر حاضر کی عالمی سیاست، اقتصادی انحصار، علاقائی استحکام اور مستقبل کی طاقتوں کی صف بندی کا ایک گہرا شعور پوشیدہ ہے۔ صدر مملکت کی جانب سے ون چائنہ پالیسی کی غیر متزلزل حمایت اور وزیراعظم کا یہ کہنا کہ دنیا چین کے بغیر ترقی نہیں کر سکتی دراصل اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ اکیسویں صدی کی دنیا اب یک قطبی نظام کے سائے سے نکل کر ایک ایسے عہد میں داخل ہو چکی ہے جہاں چین عالمی معیشت، ٹیکنالوجی، صنعت اور سفارت کاری کا مرکزی کردار بنتا جا رہا ہے۔ پاکستان اور چین کے تعلقات کی بنیاد محض وقتی سیاسی مفادات پر نہیں رکھی گئی تھی بلکہ یہ رشتہ باہمی اعتماد، مشترکہ خطرات، علاقائی استحکام اور ایک دوسرے کی خودمختاری کے احترام پر استوار ہوا۔ 1951 میں جب پاکستان نے عوامی جمہوریہ چین کو تسلیم کیا تو اس وقت عالمی سیاست سرد جنگ کے دباؤ میں جکڑی ہوئی تھی۔ بیشتر ممالک چین سے فاصلہ اختیار کیے ہوئے تھے، مگر پاکستان نے اپنے جغرافیائی اور سیاسی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک ایسی خارجہ پالیسی اپنائی جس نے آنے والے عشروں میں اسے خطے میں منفرد مقام عطا کیا۔ یہی وجہ ہے کہ چین پاکستان کو محض ایک اتحادی نہیں بلکہ ایک قابل اعتماد شراکت دار تصور کرتا ہے۔ ساٹھ کی دہائی میں امریکا اور چین کے درمیان خفیہ سفارتی رابطوں میں پاکستان نے جو کلیدی کردار ادا کیا، وہ تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہے۔ ہنری کسنجر کے خفیہ دورہ بیجنگ سے لے کر اقوام متحدہ میں چین کی نمائندگی کے مسئلے تک، پاکستان نے ہر مرحلے پر چین کے لیے مثبت کردار ادا کیا۔ یہ تعلق وقت کے ساتھ محض سفارتی ہم آہنگی تک محدود نہیں رہا بلکہ دفاع، تجارت، انفرااسٹرکچر، تعلیم، سائنس و ٹیکنالوجی اور عوامی روابط تک پھیل گیا۔ یہی وجہ ہے کہ پاک چین دوستی کو ہمہ موسمی دوستی کہا جاتا ہے۔ اس دوستی کی اصل روح یہ ہے کہ دونوں ممالک نے مشکل ترین حالات میں بھی ایک دوسرے کا ساتھ نہیں چھوڑا۔ 1965 اور 1971 کی جنگوں کے بعد ہو یا عالمی دباؤ کے مختلف ادوار، چین ہمیشہ پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑا رہا۔ اسی طرح پاکستان نے بھی تائیوان، تبت، سنکیانگ اور ون چائنہ پالیسی کے معاملے پر ہمیشہ چین کے مؤقف کی غیر مشروط حمایت کی۔ یہ باہمی اعتماد ہی دراصل اس تعلق کی اصل طاقت ہے۔ آج جب دنیا نئی عالمی صف بندیوں کی طرف بڑھ رہی ہے تو پاک چین تعلقات کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔

قربانی: عبادت کے ساتھ معاشی خوشحالی کا ذریعہ



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

قربانی اسلامی شعائر میں سے ایک اہم عبادت ہے جس پر امتِ مسلمہ کا متواتر اور اجماعی عمل چلا آرہا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے مدینہ منورہ میں دس سال تک مسلسل قربانی ادا فرمائی، اور صحابہ کرام سے لے کر ائمہ واسلاف تک اسے ہمیشہ ایک واجب اور عظیم عبادت کے طور پر زندہ رکھا۔ قرآن مجید میں سور الحج اور سور الکوثر میں قربانی کا واضح حکم اور اس کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ احادیث میں بھی قربانی کے عمل کو اللہ کے نزدیک سب سے پسندیدہ اعمال میں شمار کیا گیا ہے، اور اس کی قبولیت کو ایک عظیم روحانی کامیابی قرار دیا گیا ہے۔ اگر معاشی زاویے سے دیکھا جائے تو قربانی صرف عبادت نہیں بلکہ ایک بڑا اقتصادی نظام بھی ہے جو عید الاضحیٰ کے موقع پر پورے ملک کی معیشت کو متحرک کر دیتا ہے۔ مشہور ماہرِ معیشت جان مینارڈ کینز کے نظریہ انویسٹمنٹ ملٹی پلائر کے مطابق ایک خرچ دراصل معیشت میں کئی گنا گردش پیدا کرتا ہے۔ اسی اصول کے تحت قربانی کا عمل لاکھوں لوگوں کی آمدنی کا ذریعہ بنتا ہے۔ جانوروں کی خرید و فروخت سے لے کر چارہ، ٹرانسپورٹ، منڈیوں اور چھوٹے کاروبار تک ہر سطح پر مالی سرگرمی پیدا ہوتی ہے جو مجموعی معیشت کو مضبوط کرتی ہے۔

قربانی کے موقع پر مویشی فارمنگ، کیٹل انڈسٹری اور لیدر انڈسٹری براہ راست ترقی کرتی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ چارہ فروش، ٹرانسپورٹرز، منڈی کے تاجر، مزدور، اور چھوٹے دکاندار سب اس معاشی سرگرمی سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ جانوروں کی خرید و فروخت کے دوران لاکھوں افراد کو روزگار ملتا ہے، خاص طور پر دیہی علاقوں میں یہ آمدنی کا ایک بڑا ذریعہ بنتی ہے۔ اگر حکومتی سطح پر منصوبہ بندی کی جائے تو جانوروں کی باقیات سے بھی مختلف صنعتی مصنوعات بنا کر اربوں روپے کی اضافی معیشت پیدا کی جا سکتی ہے، جیسے کھاد، کاسمیٹکس اور دیگر صنعتی اجزا۔ قربانی کا عمل دراصل ایک مکمل معاشی سائیکل ہے جو خرید سے شروع ہو کر کھالوں کی فروخت تک جاری رہتا ہے۔ اس دوران ٹرانسپورٹ، منڈیاں، عارضی بازار، اور خوراک کی صنعت بھی متحرک ہو جاتی ہے۔ عید کے تین دنوں میں لیدر انڈسٹری کو بڑی مقدار میں خام مال حاصل ہوتا ہے، جو ملکی برآمدات میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس طرح قربانی نہ صرف ایک مذہبی فریضہ ہے بلکہ ایک ایسا معاشی نظام بھی ہے جو غریب طبقے سے لے کر بڑے کاروباری حلقوں تک سب کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے اور ملک کی مجموعی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

عالمی سیاست میں پاکستان کا نیا توازن اور ابھرتا ہوا اثر



تحریر: چوہدری انیس مرچنٹ
سینئر تجزیہ کار

امریکی تحقیقی ادارے ایگزیوس کی رپورٹ کے مطابق ایران اور امریکہ کے ممکنہ معاہدے پر امریکی صدر Donald Trump اور اسرائیلی وزیراعظم Benjamin Netanyahu کے درمیان سخت اختلاف سامنے آیا، جہاں ایک طرف ٹرمپ سفارتی حل کے خواہشمند ہیں جبکہ دوسری جانب نیتن یاہو ایران کے خلاف سخت فوجی کارروائی پر زور دیتے ہیں۔ اس پورے منظرنامے میں پاکستان کا کردار غیر معمولی طور پر نمایاں دکھائی دیتا ہے۔ گزشتہ ایک سال میں پاکستانی قیادت، خصوصاً فیلڈ مارشل Asim Munir اور وزیراعظم Shehbaz Sharif کو امریکی سطح پر جس طرح سراہا گیا ہے، وہ عالمی سفارت کاری میں ایک نئی پیش رفت سمجھا جا رہا ہے۔ بین الاقوامی تعلقات کے ماہرین کے مطابق مئی 2025 کے بعد خطے میں تبدیلیوں نے پاکستان کو ایک ابھرتے ہوئے ثالث کے طور پر پیش کیا۔ اسی دوران ٹرمپ اور پاکستانی عسکری قیادت کے درمیان روابط، جن میں ایک اہم ملاقات اور غیر رسمی مذاکراتی سرگرمیاں شامل تھیں، نے یہ تاثر مضبوط کیا کہ پاکستان ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی میں ایک قابل اعتماد پل کا کردار ادا کر رہا ہے۔ بعض تجزیوں کے مطابق علاقائی فوجی و سفارتی اقدامات کے بعد کشیدگی میں کمی بھی اسی سفارتی کوششوں کا نتیجہ قرار دی جاتی ہے۔

مشرق وسطیٰ میں بھی صورتحال تیزی سے بدل رہی ہے۔ دوحہ میں پیش آنے والے ایک حساس واقعے اور خلیجی ممالک کی سلامتی کے خدشات نے انہیں اپنی دفاعی حکمت عملی پر نظرثانی پر مجبور کیا۔ اسی تناظر میں سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان دفاعی تعاون نے پاکستان کو خطے میں ایک اہم سیکیورٹی پارٹنر کے طور پر ابھارا۔ ایران کی جانب سے اس معاہدے کو محتاط مگر مثبت انداز میں دیکھنا بھی اس بات کی علامت ہے کہ علاقائی طاقتیں پاکستان کے کردار کو مکمل طور پر خطرہ نہیں سمجھتیں۔

تاریخی طور پر پاکستان کی خارجہ پالیسی زیادہ تر غیر جانبداری پر مبنی رہی ہے، چاہے ایران انقلاب کے بعد کا دور ہو یا مشرق وسطیٰ کے مختلف بحران۔ حالیہ برسوں میں سفارتی سرگرمیوں، کلائمیٹ ڈپلومیسی اور عالمی فورمز پر بڑھتی ہوئی شرکت نے پاکستان کی عالمی حیثیت کو مزید مضبوط کیا ہے۔ غزہ بحران پر امریکی پالیسی مباحث اور ٹرمپ کے بیانات کے تناظر میں پاکستان کی شمولیت کو بھی ایک فعال سفارتی کردار کے طور پر دیکھا جا رہا ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان اب محض علاقائی نہیں بلکہ عالمی سطح پر ایک مؤثر سیاسی کھلاڑی بن رہا ہے۔

یومِ تکبیر 28 مئی: پاکستان کی ایٹمی طاقت کا سنسنی خیز باب



تحریر: تحسین کمال
سینئر صحافی

28 مئی 1998 پاکستان کی تاریخ کا وہ سنہری اور ناقابلِ فراموش دن ہے جب اس نے ایٹمی دھماکے کر کے نہ صرف اپنی دفاعی صلاحیت کا لوہا منوایا بلکہ دنیا کے نقشے پر ایک نئی اور طاقتور شناخت حاصل کی۔ یہ دن "یومِ تکبیر" کہلاتا ہے اور ہر سال پورے ملک میں اسے قومی فخر اور جوش و جذبے کے ساتھ منایا جاتا ہے۔ اس دن نے پاکستان کو ان ممالک کی صف میں لا کھڑا کیا جو ایٹمی طاقت رکھتے ہیں، اور یہ لمحہ پوری قوم کے لیے باعثِ افتخار بن گیا۔

اس عظیم کامیابی کے پیچھے ایک نام سب سے نمایاں ہے ڈاکٹر عبدالقدیر خان۔ انہیں پاکستان کے ایٹمی پروگرام کا معمار اور "محسنِ پاکستان" بھی کہا جاتا ہے۔ ڈاکٹر اے کیو خان نے اپنی ذہانت، محنت اور غیر معمولی سائنسی صلاحیتوں کے ذریعے یورینیم افزودگی کے عمل کو کامیابی سے مکمل کیا، جس نے پاکستان کو دفاعی لحاظ سے ناقابلِ تسخیر بنا دیا۔ ان کی قیادت میں کہوٹہ ریسرچ لیبارٹریز نے وہ کارنامہ انجام دیا جس نے دنیا بھر کے طاقتور ممالک کو حیرت میں ڈال دیا۔

28 مئی 1998 کو جب پاکستان نے چاغی کے مقام پر کامیاب ایٹمی دھماکے کیے تو فضا "اللہ اکبر" کی صداؤں سے گونج اٹھی۔ یہ لمحہ صرف ایک سائنسی کامیابی نہیں تھا بلکہ ایک قومی عزم، قربانی اور خودداری کی علامت تھا۔ اس اقدام نے پاکستان کے دفاع کو مضبوط تر بنایا اور خطے میں طاقت کا توازن بدل کر رکھ دیا۔ دنیا نے تسلیم کیا کہ پاکستان اب ایک ذمہ دار ایٹمی ریاست ہے۔

یومِ تکبیر آج بھی ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ اگر قومیں عزم کر لیں تو وہ ناممکن کو ممکن بنا سکتی ہیں۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور ان کی ٹیم کی خدمات پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ سنہری حروف میں لکھی جائیں گی۔ یہ دن نہ صرف دفاعی طاقت کی علامت ہے بلکہ قومی یکجہتی، خودداری اور قربانیوں کا بھی مظہر ہے، جو آنے والی نسلوں کے لیے ایک روشن مثال ہے۔



فلاحی تنظیم کے ہیڈ آفس کے باہر مستحقین کی قربانی کیلئے لائے گئے خوبصورت بیل کو بچے پیار کر رہے ہیں

جامع مسجد الخلیل بھٹائی آباد گلستان جوہر میں عید الاضحیٰ کی نماز صبح 7.00 بجے مولانا عبدالماجد پڑھائیں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جامع مسجد الخلیل بھٹائی آباد گلستان جوہر میں عید الاضحیٰ کی نماز صبح 7.00 بجے ہوگی امامت و خطابت پاکستان امن کونسل سندھ، مرکزی علما کونسل پاکستان صوبہ سندھ کے صوبائی صدر ملی یکجہتی کونسل سندھ کے سینئر نائب صدر مدرسہ تعلیم القرآن کے مہتمم و جامع مسجد الخلیل کے خطیب و امام حضرت مولانا عبدالماجد فاروقی فرمائیں گے۔



آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن کے مرکزی صدر ملک نوید اعوان کی یاد میں منعقدہ تعزیتی اجتماع کے موقع پر فاتحہ خوانی کی جارہی ہے

اہل ایمان کی صفات میں خشیت الٰہی، صبر، نماز اور انفاق شامل ہیں، مفتی یحییٰ مجید

تقویٰ کا تقاضا نیک اعمال اختیار کرنا، گناہوں سے بچنا اور اللہ کی قدرت وحیات بعد الموت پر کامل یقین رکھنا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اتحاد المدارس الاسلامیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ مفتی یحییٰ مجید نے خطبہ حج کے اہم نکات بیان کرتے ہوئے کہا کہ خطبہ حج میں تقویٰ کو نجات آخرت کی بنیاد قرار دیا گیا اور قیامت کی یاد دہانی کے ذریعے انسان کو غفلت سے نکلنے کی تلقین کی گئی۔ تقویٰ کا تقاضا نیک اعمال اختیار کرنا، گناہوں سے بچنا اور اللہ کی قدرت وحیات بعد الموت پر کامل یقین رکھنا ہے، جبکہ توحید کو آخرت کی سب سے بڑی تیاری قرار دیتے ہوئے شرک سے مکمل اجتناب کی ہدایت کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ اہل ایمان کی صفات میں خشیت الٰہی، صبر، نماز اور انفاق شامل ہیں، جبکہ حج کا مقصد اللہ کی رضا، شعائر کی تعظیم اور عملی طور پر توحید کا اظہار ہے۔ حج میں ہر قسم کے فسق و فجور، جھگڑوں اور گروہی نعروں سے اجتناب اور عاجزی و سنتِ نبوی ﷺ کی پیروی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حج امتِ مسلمہ کے اتحاد، اخوت اور باہمی تعاون کا عظیم مظہر ہے، جبکہ یوم عرفہ کو خصوصی اہمیت حاصل ہے جہاں دعا، ذکر اور عاجزی کی تاکید کی گئی۔ مناسک حج میں رمی، قربانی، حلق اور طواف سنت کے مطابق ادا کرنے اور نظم و ضبط برقرار رکھنے کی ہدایت دی گئی۔ آخر میں دعا کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے امتِ مسلمہ کے اتحاد، بہتری اور حجاج کی عبادات کی قبولیت کی دعا کی گئی۔

گورنر سندھ سے ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی سمیت دیگر کی ملاقاتیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے منیٰ روانگی سے قبل وفاقی وزیر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، وزیراعظم کے معاونِ خصوصی فہد ہارون اور دیگر معزز شخصیات نے ملاقات کی۔ گورنر سندھ نے فریضہ حج کی ادائیگی کے موقع پر پاکستان کی سلامتی، خوشحالی، استحکام اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعائیں کیں۔ گورنر سندھ نے کہا کہ حج مسلمانوں کے درمیان اخوت، اتحاد اور ایثار کا عظیم درس دیتا ہے۔

دہشت گرد عناصر پاکستان کی ترقی کو نہیں روک سکتے، عادل جارج مٹو

خلیج میں کشیدگی کے باعث پاکستان کی اہمیت بڑھ چکی ہے۔ عالمی سرمایہ کار پاکستان آنے کے لیے پر امید ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کرسچن رائٹس ڈیفنس کونسل کے چیئرمین اور بین المذاہب ہم آہنگی کے علمبردار عادل جارج مٹو نے چمن پھاٹک، کوئٹہ میں ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس افسوسناک واقعے میں خواتین، بچوں اور سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں سمیت تقریباً دو درجن سے زائد معصوم افراد کی شہادت انتہائی المناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر تخریبی کارروائیاں کر کے پاکستان کی ترقی کے سفر کو ہرگز نہیں روک سکتے۔ پاکستان ایک اسٹریٹجک جغرافیائی اہمیت کا حامل ملک ہے اور امریکا، اسرائیل اور ایران کے درمیان جنگ اور خلیج میں کشیدگی کے باعث دنیا بھر میں پاکستان کی اہمیت بڑھ چکی ہے۔ عالمی سرمایہ کار پاکستان کا رخ کرنے کے لیے پر امید ہیں اور خوشحالی ملک میں آنے کے لیے دستک دے رہی ہے۔ چیئرمین سی آر ڈی سی عادل جارج مٹو نے مزید کہا کہ ایسے حالات میں دہشت گرد عناصر اپنے مذموم مقاصد کے تحت پاکستان کی ترقی کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کرنا چاہتے ہیں، تاہم وہ اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ فیلڈ مارشل سید حافظ عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان جلد مزید مضبوط، مستحکم، خوشحال اور عظیم ملک بنے گا

کے ایم سی ملازمین اور پینشنرز کے حق میں عید کے بعد دستخطی مہم شروع کرنے کا اعلان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کے ایم سی ملازمین و پینشنرز کو جولائی 2025 سے اضافہ شدہ تنخواہ اور پینشن کی عدم ادائیگی کے خلاف عید الاضحیٰ کے فوری بعد دستخطی مہم شروع کرنے کا اعلان کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں سفید لٹھے کے تھانوں پر ملازمین اور پینشنرز سے الگ الگ دستخط لیے جائیں گے اور یادداشت پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، وزیراعلیٰ سندھ، وزیر بلدیات اور چیف سیکریٹری سندھ کو پیش کی جائے گی۔ سجن یونین، کے ایم سی آفیسرز و آفیشلز کمیٹی، کے ایم سی ٹی ایم سیز ریٹائرڈ ایمپلائز و پینشنرز الائنس اور دیگر تنظیموں نے اس سلسلے میں تیاریاں شروع کر دی ہیں۔



چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف، وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ عید الاضحیٰ کے حوالے سے فور اسٹار لان کلیکشن پوائنٹ کا معائنہ کر رہے ہیں

کے ایم سی ملازمین کی میڈیکل انشورنس خوش آئند، میڈیکل الاؤنس میں کٹوتی قبول نہیں، سجن یونین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سجن یونین کے سربراہ سید ذوالفقار شاہ نے کہا ہے کہ کے ایم سی ملازمین کی میڈیکل انشورنس کا آغاز خوش آئند اقدام ہے تاہم ملازمین کی تنخواہوں سے میڈیکل الاؤنس کی کٹوتی کسی صورت قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 38 سی کے تحت ملازمین کو علاج معالجے کی سہولت فراہم کرنا ادارے کی ذمہ داری ہے جبکہ مختلف قوانین کے تحت کسی بھی ملازم کی تنخواہ سے اس کی مرضی کے بغیر کٹوتی غیر قانونی عمل ہے۔



چیئرمین پی وی ایم اے شیخ عمر ریحان وزیراعلیٰ پنجاب کی معاون خصوصی سلمیٰ بٹ کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں، سینئر وائس چیئرمین اسجد عارف، وائس چیئرمین شیخ خالد اسلام و دیگر بھی موجود ہیں۔

آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن کے جنرل کونسل کا اجلاس

ملک نوید اعوان کے انتقال سے خالی ہونے والے عہدوں پر بلال احمد کو مرکزی صدر مقرر کرنے کی منظوری دے دی

کراچی، پشاور (اسٹاف رپورٹر) آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن کی مرکزی جنرل کونسل نے فیڈریشن کے مرکزی و صوبائی صدر ملک نوید اعوان کی وفات سے خالی ہونے والے عہدوں اور صوبہ خیبر پختون خواہ کے تنظیم میں ردوبدل کی منظوری دیتے ہوئے چیئرمین الیکشن کمیشن کی تجویز اور مرکزی چیئرمین و جنرل سیکریٹری کی تائید پر پیش کردہ قرارداد کی منظوری دیتے ہوئے مرکزی نائب صدر بلال احمد کو مرکزی صدر، صوبائی چیئرمین سید وقار علی شاہ اور سوار خان کو صوبائی صدر مقرر کرنے کی منظوری دے دی۔ مرکزی کونسل اجلاس مرکزی چیئرمین سید ذوالفقار شاہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کونسل اسمبلی ہال میں ہوا۔ اجلاس کے بعد ملک نوید اعوان کی یاد میں تعزیتی اجتماع منعقد کیا گیا۔ جس میں آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن کے مرکزی، صوبائی، ڈویژنل، ڈسٹرکٹ اور یونینز قائدین نے ملک بھر سے شرکت کی۔ اس موقع پر دیگر مزدور و ملازمین تنظیموں اگیگا، ایپکا، ٹیچرز، لیڈی ہیلتھ ورکرز، واپڈا، ریلوے WSSP, WSSA سمیت دیگر تنظیموں نے شرکت کر کے بابائے بلدیات ملک نوید اعوان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا اور نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی۔

پچھلے ساڑھے تین سالوں کا کراچی شہری حکومت تعمیراتی بجٹ کہاں غائب ہے۔ جمیل خان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی کیو ایم پاکستان قبائل موومنٹ سندھ کے نائب صدر جمیل خان نے کہا کہ شہر کے عوام کو شکوہ ہے کہ پچھلے کئی سالوں سے کراچی میں سڑکوں کی تعمیر گلیوں کو پختہ کرنے پینے کے پانی کی فراہمی اور نکاسی آب کے منصوبوں پر توجہ نہیں دی گئی ٹوٹی پھوٹی سڑکوں کی تعمیر و مرمت تک نہیں کراچی کے مختلف یوسیز میں گلیوں میں گڑھے پڑ چکے ہیں عوام کو پینے کا پانی دستیاب نہیں ہر علاقے میں گٹر ابل رہے ہیں۔

چرم قربانی کے موقع پر ٹاؤن انتظامیہ مکمل تعاون کرے گی۔ چیئرمین محمد یوسف

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا عید الاضحیٰ انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے مختلف علاقوں کا دورہ

صاف ستھرے ماحول کی فراہمی کی کیلئے ممکنہ اقدامات کئے جارہے ہیں۔ چیئرمین محمد یوسف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے عید الاضحیٰ کے موقع پر صفائی ستھرائی اور آلائشیں ٹھکانے لگانے کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے نیو کراچی ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں قائم ڈمپنگ پوائنٹس اور عیدگاہوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر، ایڈیشنل ڈائریکٹر سینی ٹیشن محمد مشتاق خان، محکمہ بی اینڈ آر کے انچارج فیصل صغیر اور پبلک ریلیشن آفیسر نیو کراچی ٹاؤن عقیل اختر بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ دورے کے دوران چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عید قرباں کے دنوں میں صفائی کے نظام کو ہر صورت مؤثر اور فعال رکھا جائے تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے موقع پر موجود عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ عید الاضحیٰ کے تینوں دن خصوصی صفائی آپریشن جاری رکھا جائے۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے کہا کہ ٹاؤن انتظامیہ نے عید الاضحیٰ سے قبل تمام ڈمپنگ پوائنٹس کلیئر کر دیے ہیں جبکہ علاقوں سے آلائشیں فوری طور پر اٹھانے اور انہیں بروقت ٹھکانے لگانے کی حکمت عملی تیار کر لی گئی ہے، چرم قربانی کے موقع پر ٹاؤن انتظامیہ متعلقہ اداروں سے مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ عید قرباں کے موقع پر شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کیا جائے۔ صفائی کے مؤثر نظام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں تاکہ آلائشیں بروقت ٹھکانے لگائی جا سکیں اور کسی بھی علاقے میں تعفن یا گندگی پیدا نہ ہو۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ قربانی کی آلائشیں مقررہ مقامات پر رکھیں اور بلدیاتی عملے کے ساتھ تعاون کریں تاکہ صفائی کا عمل تیزی اور مؤثر انداز میں مکمل کیا جا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی تعاون سے نہ صرف علاقے صاف رہیں گے بلکہ بیماریوں اور ماحولیاتی آلودگی سے بھی بچاؤ ممکن ہوگا۔

علاقے کو ترقیاتی کاموں سے مثالی بنا کر دکھائیں گے۔ حاشر عمر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی اورنگی ٹاؤن یو سی 6 کے چیئرمین حاشر عمر اور وائس چیئرمین زاہد اقبال نے علاقے دورہ کیا اس موقع پر علاقے کی صفائی ستھرائی کے لیے بہتر انتظامات کرنے پر علاقائی عوام نے مبارکباد پیش کی انہوں نے میئر کراچی سے یوسی کہ بنیادی مسائل کو حل کرنے کے لیے خصوصی فنڈ جاری کرنے کے لیے نظر ثانی کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ یوسی میں فنڈ میں کمی کے سبب عوامی مسائل کو حل کرنے میں دشواری کا سامنا ہے

ڈاکٹر نسیم صلاح الدین اور سابق سفیر ایاز وزیر کی بیٹی کے انتقال پر تعزیت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ممتاز طبی ماہر اور انڈس اسپتال کی بانی ڈاکٹر نسیم صلاح الدین کے انتقال اور سابق سفیر ایاز وزیر کی بیٹی کے ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے پر مختلف شخصیات نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سینئر قانون دان ندیم شیخ ایڈووکیٹ، سلیم مائیکل ایڈووکیٹ، مزدور رہنما سید ذوالفقار شاہ اور اعجاز ولی نے سوگوار خاندانوں سے تعزیت کرتے ہوئے مرحومین کے لیے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بابرکت ایام اللہ کے احکامات کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کا درس دیتے ہیں، پیر ارشد کاظمی

عید قرباں صرف جانور ذبح کرنے کا نام نہیں بلکہ اپنی خواہشات، انا اور ذاتی مفادات کو قربان کرنے کا پیغام ہے

حج بیت اللہ امت مسلمہ کے اتحاد، مساوات اور عالمی اخوت کا عظیم مظہر ہے جہاں رنگ ونسل کی تفریق ختم ہو جاتی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک اہلسنّت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے امت مسلمہ کو عید الاضحیٰ اور حج بیت اللہ کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بابرکت ایام ہمیں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی عظیم قربانی، اخلاص، وفاداری اور اللہ تعالیٰ کے احکامات کے سامنے مکمل سر تسلیم خم کرنے کا درس دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عید قرباں صرف جانور ذبح کرنے کا نام نہیں بلکہ یہ اپنی خواہشات، انا اور ذاتی مفادات کو اللہ کی رضا کے لیے قربان کرنے کا عملی پیغام ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ حج بیت اللہ امت مسلمہ کے اتحاد، مساوات اور عالمی اخوت کا عظیم مظہر ہے جہاں رنگ، نسل، زبان اور علاقے کی تمام تفریق ختم ہو جاتی ہے اور مسلمان ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو کر اللہ تعالیٰ کی بندگی کا عملی ثبوت پیش کرتے ہیں۔ یہ مقدس اجتماع ہمیں اتحاد، نظم وضبط اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے جسے اپنی عملی زندگی میں اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا کہ موجودہ حالات میں امت مسلمہ کو جن چیلنجز کا سامنا ہے، ان کا حل اتحاد امت، مذہبی ہم آہنگی اور باہمی احترام میں پوشیدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ فرقہ واریت، انتشار اور باہمی اختلافات نے امت کو کمزور کیا ہے، اس لیے علماء، مشائخ اور دینی قیادت کو اپنا مثبت کردار ادا کرتے ہوئے امت میں اتحاد اور یگانگت کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ختم نبوت ﷺ کا عقیدہ امت مسلمہ کی اساس ہے اور اس پر کامل ایمان ہر مسلمان کے ایمان کا لازمی جزو ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ نظام مصطفیٰ ﷺ کے نفاذ سے ہی ملک میں حقیقی عدل، انصاف، مساوات اور امن قائم ہو سکتا ہے، کیونکہ اسلامی تعلیمات انسانیت کی فلاح اور معاشرتی توازن کی ضمانت فراہم کرتی ہیں۔ انہوں نے کرپشن کے بڑھتے ہوئے رجحان پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بدعنوانی ملک کی جڑوں کو کھوکھلا کر رہی ہے اور قومی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بن چکی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کرپشن کے خاتمے کے لیے بلاامتیاز اور شفاف احتساب کا نظام نافذ کیا جائے۔



عید الاضحیٰ کیلئے ایک ٹال پر کاریگر مڈیاں تیار کرنے میں مصروف ہیں

کے ایم سی اور مختلف ٹی ایم سیز ملازمین کو اضافی تنخواہوں کی ادائیگی کے لیے جدوجہد تیز

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میونسپل ورکرز ٹریڈ یونینز الائنس کے ترجمان نے کہا ہے کہ کے ایم سی اور مختلف ٹی ایم سیز کے ملازمین جولائی 2025 سے تنخواہوں میں اضافہ شدہ 12 فیصد ادائیگی سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں احتجاج، دستخطی مہم اور عدالت سے رجوع سمیت تمام آپشنز پر غور کیا جا رہا ہے۔ ترجمان نے الزام عائد کیا کہ بعض افسران عید الاضحیٰ صفائی آپریشن میں سرکاری عملہ استعمال کر کے ذاتی مفادات حاصل کرتے ہیں۔

سینئر نائب صدر جہانگیر عالم کو عہدے سے فارغ کرتے ہیں۔ سید وکیل احمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) السید ویلفیئر ٹرسٹ کے چیئرمین سید وکیل احمد نے عہدے داروں کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے وائس چیئرمین اطہر خان اور دیگر کے مشورے سے سینئر نائب صدر جہانگیر عالم کو عہدے سے فارغ کرتے ہوئے کہا کہ السید ویلفیئر ٹرسٹ میں غیر فعال عہدے داران کے لیے کوئی گنجائش نہیں تمام عہدے داران اور ممبران بلا رنگ و نسل انسانیت کی خدمت میں مصروف رہیں چیئرمین نے کہا کہ ہر سال کی طرح اس سال بھی غریب مستحق افراد میں قربانی کا گوشت تقسیم کریں گے مخیر حضرات تعاون کریں انہوں نے کہا کہ قربانی کے گوشت پر غریبوں کا حق ہے۔

بجلی کی غیر اعلانیہ بندش نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی، نیاز ملک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سیاسی رہنما ڈاکٹر نیاز ملک نے شہر قائد میں جاری غیر اعلانیہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی کے مختلف علاقوں میں بجلی کی بندش کا دورانیہ پندرہ گھنٹے سے تجاوز کر گیا ہے جو افسوسناک اور قابل مذمت ہے شدید گرمی میں بجلی کی غیر اعلانیہ بندش نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی انہوں نے کہا کہ گنجان آباد میں طویل لوڈشیڈنگ کے باعث لوگوں کا دن کا سکون اور رات کا آرام چھن چکا ہے۔

لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن کا وفد 5 روزہ دورے کے بعد کراچی واپس پہنچ گیا

مرکزی صدر ملک نوید اعوان کے تعزیتی اجتماع، اگیگا کے اجلاس، پاک چین دوستی کے 75 سالہ تقریب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن کے مرکزی چیئرمین سید ذوالفقار شاہ، آرگنائزنگ سیکریٹری راجہ عاصم شہزاد، ڈپٹی انفارمیشن سیکریٹری عمران علی اور مرکزی رہنما اعجاز ولی 5 روزہ دورہ مکمل کر کے اسلام آباد سے کراچی واپس پہنچ گئے۔ انہوں نے پشاور میں صل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن کے مرکزی صدر ملک نوید اعوان کے تعزیتی اجتماع اور جنرل کونسل۔ اجلاس میں شرکت کی۔ اسلام آباد میں آغا خانی کمیونٹی کے استقبالیہ، پاک چین کے باہمی ریلیشن کی 75 ویں سالگرہ کی تقریب میں شرکت کے ساتھ سرائے عالمگیر میں قائم کردہ انٹرنیشنل معیار کی چیریٹی اے آر اسپتال کا دورہ کیا اور کرنل پروفیسر سرجن طاہر اقبال کی خیریت دریافت کی جن کا تین ماہ قبل اسپتال آتے ہوئے ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا اور وہ شدید زخمی ہو گئے تھے اب روبہ صحت ہو گئے ہیں۔

اسلم فاروقی کی عالم اسلام کو حج وعید الاضحیٰ کی مبارکباد

امید ہے حکمران غزہ میں قابض اسرائیل کے مظالم کیخلاف جلد لائحہ عمل ترتیب دینگے۔ ایم کیو ایس سی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بانیان پاکستان کی اولادوں کی تنظیم محب قومی سماجی کونسل) ایم کیو ایس سی (پاکستان کے چیئرمین و محب وطن سماجی رہنما محمد اسلم خان فاروقی نے عالم اسلام کو حج اور عید الاضحیٰ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے اور قوم پر عید الاضحیٰ کے فلسفے اور قربانی کی اصل روح کو سمجھنے کی ضرورت پر زور دیا ہے اپنے بیان میں انہوں مزید نے کہا کہ امید ہے حکمران اہل غزہ کو قابض اسرائیل کے انسانیت سوز مظالم سے نجات دلانے کے لیے قابض اسرائیل کے خلاف جلد لائحہ عمل ترتیب دیں گے اور مقبوضہ فلسطین، مقبوضہ جموں وکشمیر اور بھارت میں مسلمانوں پر ہونے والے ظلم سمیت دنیا بھر میں مسلمانوں پر ڈھائے جانے والے مظالم پر عالمی برادری کو بیدار کریں گے انہوں نے امریکہ اسرائیل اور بھارت کو عالمی امن کا دشمن قرار دیا اور وزیراعظم شہباز شریف سے ایک بار پھر غزہ میں قابض اسرائیل کے ظلم و بربریت میں برابر کے شریک امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو امن کا پیامبر قرار دینے کا بیان واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

قربانی کا اصل مقصد تقویٰ، اخلاص اور رضائے الٰہی کا حصول ہے، جاوداں فہیم

ہم مقدس ایام کی روح کو سمجھیں، اپنی انفرادی و اجتماعی زندگی کو قرآن وسنت کے مطابق ڈھالنے کا عزم کریں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی حلقہ خواتین کراچی کی ناظمہ جاوداں فہیم نے عید الاضحیٰ اور یوم عرفہ امتِ مسلمہ کو یہ پیغام دیتے ہیں کہ ایمان صرف عبادات تک محدود نہیں، اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کے ساتھ انسانیت کی خدمت، عدل کے قیام اور معاشرے کی اصلاح کی جدوجہد بھی دین کا اہم تقاضا ہے۔ قربانی کا اصل مقصد تقویٰ، اخلاص اور اللہ کی رضا کا حصول ہے، نہ کہ محض ذبح کی رسم ادا کرنا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان مقدس ایام کی روح کو سمجھیں اور اپنی انفرادی و اجتماعی زندگیوں کو قرآن وسنت کے مطابق ڈھالنے کا عزم کریں۔ خواتین معاشرے کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں، اس لیے وہ نئی نسل میں دینی شعور، اخلاقی اقدار اور امت کے درد کو اجاگر کریں تاکہ ایک صالح، باکردار اور مضبوط اسلامی معاشرہ تشکیل پا سکے۔

قربانی کے جانور کو مناسب ریٹ پر فروخت کرنے کیلئے اقدامات کیے جائیں، ایچ حسین اخوندزادہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اخوند ویلفیئر آرگنائزیشن کے جنرل سیکریٹری ایچ حسین اخوند زیادہ نے قربانی کے جانور کی قیمتوں میں بے لگام اضافہ پر سخت مزمت کرتے ہوئے کہا کہ جانوروں کی قیمتوں میں اضافہ سے غریب عوام سنت ابراہیم کی ادائیگی سے محروم ہوتے دکھائی دے رہے ہیں منڈی میں گائی بکرا کی قیمتیں اسمان کی بلند ترین سطح پر جا پہنچا من مانی قیمتوں میں قربانی کے جانور کی فروخت کرنے کا کاروبار جاری ہے۔



کینٹ چوک میں مرکزی مسلم لیگ کے زیراہتمام مسافروں میں کھانا تقسیم کیا جارہا ہے



آے آر جنرل اسپتال سرائے عالمگیر کے دورے کے موقع پر سماجی شخصیت سید ذوالفقار شاہ، اعجاز علی چھٹہ، عبدالرزاق متھیلو، اعجاز ولی، اور عمران علی کا بین الاقوامی شہرت یافتہ پاک آرمی کے سرجن کرنل طاہر اقبال اور عبداللہ طاہر کے ہمراہ گروپ فوٹو